حرم ششدہ سی بولی دائیں بائیں دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے اسے ستون کے ساتھ لگا رکھا تھا۔

"جب میں تمہیں مخاطب کر رہا تھا جواب کیوں نہیں دیا تم نے؟۔۔۔۔۔"

ازلان اس کی دونوں بازو دبوچتا ہوا بولا۔

ازلان کی گرفت پر حرم کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

حرم خاموش اسے دیکھنے لگی۔

"پارٹی میری تھی تم مجھ سے ملنے نہیں آئی اور جب میں خود چل کر آیا تم نے جواب دینا گوارا نہیں کیا۔۔۔۔"

ازلان برہمی کا اظہار کر رہا تھا۔

"می مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔"

حرم کی کمزور سی آواز گونجی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھ سے؟۔۔۔۔"

ازلان اپنے سینے پر شہادت کی انگلی رکھتا ہوا بولا۔

حرم نم آنکھوں سے دیکھتی نفی میں سر ہلانے لگی۔

"پھر؟۔۔۔۔۔"

ازلان آبرو اچکا کر بولا۔

حرم گھبراتی ہوئی ہاتھ مسلنے لگی۔

"میں کچھ پوچھ رہا ہوں؟۔۔۔۔"

ازلان زور سے بولا۔

حرم نفی میں سر ہلاتی الٹے قدم اٹھاتی جا رہی تھی۔

"کیا؟۔۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان حرم کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔

ازلان کی پیشانی پر شکنیں ابھریں۔

حرم عقب میں دیکھے بنا قدم اٹھاتی جا رہی تھی۔

ازلان نے آگے بڑھ کر حرم کا ہاتھ تھام لیا ورنہ وہ سوئمنگ پول میں گر جاتی۔

حرم گردن موڑ کر عقب میں دیکھتی پھر ازلان کو دیکھنے لگی۔

"چھوڑ دوں؟....."

ازلان خفگی سے دیکھتا ہوا بولا۔

حرم نے پھر سے چہرہ موڑ کر نیلے شفاف پانی کو دیکھا۔

"مجھے تیرنا نہیں آتا....."

حرم ازلان کی جانب رخ موڑتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں سیکھا دوں گا۔۔۔"

ازلان شرارت سے بولا۔

حرم نفی میں سر ہلانے لگی۔

ازلان نے مسکراتے ہوئے اسے اپنی جانب کھینچ لیا۔

"یہاں بیٹھو میرے ساتھ۔۔۔۔"

ازلان نیچے بیٹھتا ہوا بولا۔

شوز اتار کر سائیڈ پر رکھے اور پاؤں پانی میں ڈال دئیے۔

حرم کشمکش میں مبتلا تھی۔

حرم میں خود تمہیں پانی میں پھینک دوں گا بیٹھوں "
"جلدی۔۔۔

ازلان اسے گھوری سے نوازتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے ہاسٹل جانا ہے۔۔۔۔"

حرم التجائیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

"میں خود چھوڑ آؤں گا ابھی دو منٹ کے لئے بیٹھو۔۔۔۔"

ازلان نرمی سے بولا۔

حرم ہچکچاتی ہوئی اس کے ساتھ کچھ فاصلے پر بیٹھ گئی۔

"پہلے مجھے بتاؤ ڈر کیوں لگ رہا ہے؟"

ازلان ایک نظر حرم پر ڈالتا پانی کو دیکھنے لگا۔

ہم جھوٹ بول کر آئیں ہیں نہ اگر چوکیدار انکل کو معلوم ہو " گیا اور بھائی کو بتا دیا پھر؟"

حرم نے اپنا خدشہ ظاہر کیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ نہیں کرتا وہ چوکیدار میں دیکھ لوں گا اسے۔۔۔"

ازلان سر جھٹکتا ہوا بولا۔

نہیں اسے کچھ مت کہنا میں جانتی ہوں بھائی نے اس سے " "بات کی ہو گی پلیز۔۔۔

حرم اس کی جیکٹ کی آستین کھینچتی ہوئی بولی۔

"اپنے پاؤں ڈالو اس میں۔۔۔"

ازلان کا دل عجیب و غریب سی خواہشیں دھر رہا تھا۔

حرم پتلیاں سکیڑے اسے تعجب سے دیکھنے لگی۔

"سردی لگ جائے گی۔۔۔"

حرم نے بہانہ بنایا۔

"پانی گرم ہے پاؤں ڈال کر دیکھو؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان بغور اسے دیکھتا ہوا بولا۔

حرم نے اسے دیکھتے ہوئے پاؤں پول میں ڈال دئیے۔

" اب مجھے یہ بتاؤ مجھ سے اتنے فاصلے پے کیوں بیٹھی ہو؟"

ازلان اس کی جانب جھکتا آنکھیں چھوٹی کرتا ہوا بولا۔

"ابھی اس نکاح کا کسی کو علم نہیں اس لئے----"

حرم مختصر کہہ کر اسے دیکھنے لگی۔

ازلان یک ٹک حرم کے چہرے کو دیکھ رہا تھا وہ معصوم بھولی سی گڑیا اسے اچھی لگنے لگی تھی۔

" لیکن اگر میں تھوڑا سا حق استعمال کر لوں تو اس میں کوئی برائی نہیں----"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان اس کا بائیاں ہاتھ اپنے میں لیتا ہوا بولا۔

ازلان کے لمس پر حرم اچھل پڑی۔

"میرا ہاتھ کیو کیوں پکڑ لیا ہے؟"

حرم بوکھلا کر اسے دیکھنے لگی۔

"کیوں گناہ کر دیا ہے؟"

ازلان معصومیت سے بولا۔

حرم نے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے نکال لیا۔

"مجھے یہ سب نہیں پسند نا ہی مناسب لگتا ہے۔۔۔"

حرم چہرہ جھکا کر بولی۔

"پھر کیا پسند ہے تمہیں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بے اختیار ازلان کے لبوں سے پھسلا۔

"بھائی کے ساتھ کھیتوں میں جانا، ان کے ساتھ مل کر پھل کھانا۔۔۔"

حرم پرانے دن یاد کرتی حسرت سے بولی۔

"اور میرے ساتھ؟"

ازلان اس کے چہرے کو دیکھتا ہوا بولا۔

"آپ کے ساتھ؟"

حرم نے زیر لب دہرایا۔

ازلان اس کے جواب کا منتظر تھا۔

"پتہ نہیں۔۔۔"

حرم شانے اچکاتی پانی کو دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہیں پانی میں گرا دینا ہے میں نے پھر بچانے بھی نہیں "
"آؤں گا۔۔۔

ازلان خفگی سے دیکھتا ہوا بولا۔

مجھے اب ہاسٹل چھوڑ آئیں زیادہ دیر ہو گئی تو مسئلہ ہو "
"جائے گا۔۔۔

حرم اس کی بات نظر انداز کرتی ہوئی بولی۔

ازلان لمحہ بھر کو رکا پھر پاؤں باہر نکال لیے۔

"ٹھیک ہے چلو۔۔۔"

حرم کو دیکھتا ہوا بولا جس کا چہرہ کھل اٹھا تھا۔

حرم ازلان کے ہمراہ چل رہی تھی۔

وہ بار بار اپنے ہاتھ کو دیکھتی جا رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان کا لمس وہ ابھی تک محسوس کر رہی تھی جیسے ہاتھ ابھی بھی اس کی گرفت میں ہو۔

*****///////*****

"تیار ہو گئی ہے یہ؟""

زلیخا بیگم سرد مہری سے بولیں۔

"جی بیگم صاحبہ۔۔۔۔"

بانی کی بجائے حرائمہ بولی۔

زلیخا بیگم تعجب سے اسے دیکھنے لگیں۔

" آخر سیدھی ہو ہی گئی تم۔ اور ہاں بانی آج مجرا نہیں کرنا اس نے۔ تو اسے کمرے میں لے جا چودھری عنایت حسین کے لئے جو تیار ہے۔۔۔"

وہ بانی کو دیکھتی ہوئیں بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ کا اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا سانس نیچے رہ گیا۔

پھر مہر کی بات یاد آئی کہ یہاں سے نکلنے کے عوض انہیں خوش کرنا ہو گا۔

خون کے آنسو پیتی حرائمہ خود پر قفل لگانے لگی۔

بانی حرائمہ کی بازو پکڑے چلنے لگی۔

" اللہ پاک پلیز کوئی معجزہ ہو جائے میں اس درندے سے بچ جاؤں پلیز۔۔"

حرائمہ دل ہی دل میں دعا گو تھی۔

"یاد رکھنا اگر کوئی الٹی سیدھی حرکت کی تو؟"

بانی انگلی اٹھائے تنبیہ کرنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ نہیں کرتی----"

حرائمہ چہرہ جھکائے اندر کی جانب چلتی ہوئی بولی۔

اپنے سامنے ایک عمر رسیدہ آدمی کو دیکھ کر حرائمہ کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا وہ اس کے باپ کی عمر کا ہو گا۔

"اللہ پاک کیا ایسے لوگوں کو آپ کا خوف نہیں ہوتا؟"

حرائمہ نم ہوتی آنکھوں سے اس آدمی کو دیکھ رہی تھی جو قمیض اتارے بیڈ پر بیٹھا تھا۔

ضبط کے باوجود آنسو نکلنے کو بےتاب ہو رہے تھے۔

حرائمہ نے چہرہ جھکا کر آنکھیں صاف کیں اور قدم بڑھانے لگی۔

****//////****

"شاہ کسی انجان نمبر سے کال آئی تھی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر بیٹھی کھانا کھا رہی تھی۔

"میں انجان نمبر سے کم ہی کال اٹینڈ کرتا ہوں۔۔۔۔۔"

شاہ لاپرواہی سے بولا۔

"شاہ میں نے حرائمہ کو نمبر دیا تھا تاکہ وہ فون کرے۔۔۔۔"

مہر کی پتلیاں حیرت سے پھیل گئیں۔

"تو؟"

شاہ بولتا ہوا اس کے مقابل آ بیٹھا۔

"آپ کتنے بے حس ہیں؟"

بےساختہ مہر کے لبوں سے آپ نکلا تو وہ زبان دانتوں تلے دبا گئی۔

البتہ چہرے پر ناگواری تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہیں لے کر آیا ہوں اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ باقی "
"ساری دنیا کو بھی اٹھا لاؤں----

شاہ بیزاری سے بولا۔

"پھر اپنا فون مجھے دو؟"

مہر اس کی بازو کھینچتی ہوئی آرزدگی سے بولی۔

"تمہارے سارے مطالبے مسترد کرتا ہوں میں---"

شاہ چہرہ موڑ کر اسے دیکھتا ہوا بولا۔

مہر آنکھوں کی پتلیاں سکیڑے اسے گھورنے لگی۔

"دوبارہ اس گھر میں نظر نہ آؤ---"

مہر اس کی آنکھوں میں دیکھتی پلیٹ پرے کرتی چلی گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نخرے تو ایسے دکھاتی ہو جیسے ملکہ ہو۔۔۔"

شاہ بولتا ہوا اس کے پیچھے چل دیا۔

اس سے پہلے شاہ کمرے میں قدم رکھتا مہر نے اس کے منہ پر دروازہ بند کر دیا۔

شاہ ناک رگڑتا پیچھے ہو گیا۔

"مہر دروازہ کھولو۔۔۔۔"

شاہ دروازہ بجاتا ہوا بولا۔

مہر کی جانب سے کوئی جواب موصول نہ ہوا۔

"مہر تمہیں سنائی نہیں دے رہا دروازہ کھولو۔۔۔۔"

شاہ تاؤ کھاتا ہوا بولا۔

مہر نے اب بھی کوئی جواب نہیں دیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نا چار شاہ کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔

"اچھا یار نکال لینا اسے باہر اب کھولو دروازہ۔۔۔"

شاہ کے کہنے کی دیر تھی کہ مہر نے دروازہ کھول دیا۔

شاہ اسے گھورتا ہوا اندر آ گیا۔

*****/////*****

گناہوں کی اندھیری رات ڈھلی تو صبح کا اجالا چاروں سمت پھیلنے لگا۔

اپنی کرنوں سے ہر شے کو روشن کرنے لگا۔

حرائمہ جو سویرے کی منتظر تھی اپنی ذات کے ٹکڑے سمیٹتی اپنے کمرے کی جانب چل دی۔

موت سے پہلے نجانے کتنی بار اسے مرنا تھا۔

روز روز مرنے سے تو بہتر ہے میں ایک ہی بار مر جاؤں "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کم از کم اس دلدل سے تو نکل سکوں گی----

حرائمہ بپھر گئ۔

تکلیف ایسی تھی جس کا کوئی مداوا نہیں کیا جا سکتا۔

روح پر لگے گھاؤ کبھی مندمل نہیں ہوتے۔

یہ ہماری سوچ ہوتی ہے کہ وقت کے ساتھ یہ بھر جائیں گے لیکن سالوں بعد بھی ان سے ویسے ہی خون رستا ہے جیسے پہلی بار بہ رہا تھا۔

****///////****

شاہ ہاتھ صاف کر رہا تھا جب شاہ ویز آیا۔

"کل رات کہاں تھے تم؟"

لہجے میں تمس ، چہرے پر سختی،

وہ چہرے موڑے شاہ ویز کو دیکھ رہا تھا۔

"کہیں بھی نہیں بھائی----"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ ویز اِدھر اُدھر دیکھتا ہوا بولا۔

"اب تم جھوٹ بھی بولوں گے مجھ سے؟"

شاہ غرایا۔

"بھائی میں سچ بول رہا ہوں----"

شاہ ویز چہرے پر معصومیت طاری کئے اپنی بات پر قائم رہا۔

"دیکھ لو شاہ تمہاری شہ پر کتنا بگڑ گیا ہے یہ---"

کمال صاحب طیش میں بولے۔

"تم کل برہان کے ساتھ نہیں تھے؟"

شاہ اس کا گریبان پکڑتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی بھائی-----"

شاہ ویز سر جھکاتا ہوا بولا۔

"کن الفاظ میں کہوں جن میں تمہیں سمجھ آ جائے؟"

شاہ اسے گریبان سے جھنجھوڑتا ہوا بولا۔

بھائی آپ کیوں مجھے منع کرتے ہیں بتائیں آج مجھے؟ "
برہان اتنا اچھا ہے پھر آپ کیوں اس کے مخالف ہیں تو وہ
"آپ کے بارے میں بھی اچھا بولتا ہے----

شاہ ویز ضدی انداز میں بولا۔

"نکلو دوبارہ اپنی شکل مت دکھانا---"

شاہ اسے دروازے کی جانب دیکھتا ہوا بولا۔

"بھائی آپ ٹھیک نہیں کر رہے----"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ ویز چہرہ موڑ کر بولا۔

"شاہ اسے گھر سے تو مت نکالو۔۔۔"

ضوفشاں بیگم ان کی آوازیں سن کر اِدھر کو آ نکلیں۔

"جب تمہاری عقل میں ہماری بات آ جائے تو واپس آ جانا۔۔۔"

شاہ چبا چبا کر بولا۔

شاہ ویز گریبان درست کرتا باہر نکل گیا۔

"چھوٹے میری بات سن۔۔۔"

ضوفشاں بیگم شاہ ویز کے پیچھے لپکی۔

شاہ نے ماریہ کو اشارہ کیا تو وہ ضوفشاں بیگم کو لے آئی۔

"میرے بچے کو نکال دیا کہاں جائے گا وہ؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کمال صاحب کو دیکھتی ہوئیں بولیں۔

"وہ دو سال کا بچہ نہیں ہے دو دن باہر رہے گا عقل ٹھکانے آ جائے گی اس برہان نے دماغ خراب کر دیا ہے اس کا۔۔۔"

شاہ برہمی سے کہتا زینے چڑھنے لگا۔

برہان کے نام پر ہی اس کے تن بدن میں آگ لگ جاتی۔

گھڑی کی سوئیاں چلتی جا رہیں تھیں،

لمحے بیت رہے تھے، پرندے اپنی اڑان بھر رہے تھے، حال ماضی بنتا جا رہا تھا کچھ خوبصورت اور کچھ تلخ یادیں کو پیچھے چھوڑتا جا رہا تھا۔

شاہ مسکراتا ہوا کمرے میں آیا۔

دائیں بائیں دیکھا لیکن مہر دکھائی نہ دی۔

کچھ سوچ کر وہ کچن میں آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر کو دیکھ کر عنابی لب دم بخود مسکرانے لگے۔

مہر برتن دھو رہی تھی شاہ کی جانب اس کی پشت تھی۔

قدموں کی آہٹ اور شاہ کی خوشبو مہر پہچان گئی۔

مہر کے لبوں پر مسکراہٹ رینگ گئی۔

لیکن آنکھوں میں حیرانی کا عنصر بھی تھا کیونکہ دوپہر میں وہ آتا نہیں تھا۔

شاہ اس کے عقب میں کھڑا ہو گیا۔

"اس ٹائم، خیریت؟"

مہر اس کی موجودگی محسوس کرتی ہوئی بولی۔

"کیوں اس وقت میرا داخلہ ممنوع ہے؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ اس کے شانے پر تھوڑی رکھتا ہوا بولا۔

"جی ہاں ہر چیز اپنے وقت پر اچھی لگتی ہے---"

مہر اس کی جانب رخ موڑتی ہوئی بولی۔

"لیکن شاہ ہے جو ہر وقت اچھا لگتا ہے---"

شاہ نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس کی بات مکمل کر دی۔

"خوش فہمی-----"

مہر مسکراتی ہوئی اس کے سینے پر مکہ جھڑتی ہوئی بولی۔

"کبھی تو ہو گا ایسا---"

شاہ اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نے مسکرانے پر اکتفا کیا۔

"ویسے میں سوچ رہا تھا ایک ملازمہ رکھ دوں تمہارے ہاتھ خراب ہو جائیں گے۔۔۔"

شاہ اس کے ہاتھوں کو دیکھتا ہوا بولا۔

"شکر ہے اگر آپ کو خیال آ گیا۔۔۔"

مہر خفگی سے بولی۔

شاہ مسکرا کر اسے دیکھنے لگا۔

"پیچھے ہٹیں مجھے سالن بنانا ہے۔۔۔"

مہر اسے خود سے دور کرتی ہوئی بولی۔

"جب میں جاؤں گا پھر بنا لینا۔۔۔"

شاہ اس کے قریب ہوتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ؟"

مہر اسے گھورتی ہوئی پیچھے ہو گئی۔

عین اسی لمحے شاہ کا فون رنگ کرنے لگا۔

"فون دیکھیں کس کا ہے۔۔۔"

مہر اسے جھنجھوڑتی ہوئی بولی۔

"میں نہیں اٹھا رہا۔۔"

شاہ بیزاری سے بولا۔

"شاہ اٹھائیں ہو سکتا ہے حرائمہ کا ہو۔۔۔"

مہر یاس سے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ پیچھے ہوتا پینٹ کی جیب سے فون نکالنے لگا۔

ہیلو می میں حرائمہ مہر آپی نے کہا تھا فون کرنا میں پارلر " "آئی ہوئی ہوں-----

ایک ہی سانس میں اس نے سب کہہ ڈالا۔

شاہ نے فون مہر کی جانب بڑھا دیا۔

چہرے پر اکتاہٹ تھی۔

مہر کا چہرہ کھل اٹھا۔

حرائمہ تم فکر مت کرو میں ابھی آتی ہوں بس تم شک مت " "ہونے دینا کسی کو----

مہر نے عجلت میں کہہ کر فون بند کر دیا۔

"چلیں شاہ----"

مہر اس کی بازو پکڑے چلنے لگی لیکن وہ اپنی جگہ سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک انچ بھی نہ ہلا۔

" !شاہ"

مہر چہرہ موڑے ششدہ سی بولی۔

شاہ منہ بناتا چل دیا۔

مہر نے کمرے سے چادر اٹھائی اور شاہ کے عقب میں چل دی۔

کچھ ہی دیر میں وہ دونوں پارلر کے سامنے کھڑے تھے جہاں مہر آیا کرتی تھی۔

"شاہ میں آپ کو کال کر دوں گی---"

مہر گاڑی کا دروازہ کھولتی ہوئی بولی۔

"دھیان سے---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ اس کی بازو پکڑتا ہوا بولا۔

مہر اثبات میں سر ہلاتی چلی گئی۔

شاہ سانس خارج کرتا اسے دیکھنے لگی۔

مہر اندر آئی تو حرائمہ سے نظر ٹکرائی۔

بیوٹیشن سے مل کر مہر حرائمہ کو اشارہ کرتی واش روم میں چلی گئی۔

حرائمہ سمجھ کر واش کی جانب چلنے لگی۔

"آپ مجھے لے جائیں گیں نہ؟"

حرائمہ کی آنکھوں میں التجا تھی۔

ہاں، لیکن پہلے مجھے یہ بتاؤ تمہارے ساتھ اور کون آیا ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر فکرمندی سے بولی۔

" میرے ساتھ سائرہ ہے لیکن ابھی وہ فیشل کروائے گی تو نکلنا آسان ہو گا۔۔۔"

"اور جو چھوڑنے آیا تھا وہ؟"

مہر پوری تسلی کرنا چاہتی تھی۔

" اعجاز تھا وہ واپس چلا گیا ہے کیونکہ زیادہ وقت لگے گا تین گھنٹے بعد آئے گا وہ۔۔۔"

حرائمہ کہہ کر اسے دیکھنے لگی۔

" ٹھیک ہے تم جا کر اپنا کام کرواؤ پھر جیسے ہی موقع ملے گا ہم نکل جائیں گے۔۔۔"

مہر رازداری سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی ٹھیک ہے۔۔۔"

حرائمہ کہہ کر باہر نکل گئی۔

"شاہ آپ باہر ہی ہیں نہ؟"

مہر فون کان سے لگائے آہستہ سے بولی۔

ہاں مہر میں گاڑی میں بیٹھا ہوں تم بے فکر ہو کر آ "
"جاؤ۔۔۔

شاہ میں تقریباً دس منٹ تک آؤں گی آپ گاڑی سٹارٹ "
"رکھنا۔۔۔

"ٹھیک ہے بس تم آ جاؤ اور خیال سے۔۔۔۔"

شاہ کے چہرے پر فکروں نے گھر کر رکھا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی ٹھیک ہے۔۔۔"

مہر نے کہ کر فون بند کر دیا۔

مہر کو اچھا لگ رہا تھا شاہ کا اس کے لئے فکرمند ہونا۔

دس منٹ بعد مہر باہر نکلی تو حرائمہ فارغ بیٹھی تھی اور سائرہ فیشل کروا رہی تھی۔

مہر نے حرائمہ کو اشارہ کیا تو وہ بنا چاپ پیدا کئے مہر کے آگے نکل گئی۔

وہاں موجود لوگوں کو احساس ہی نہ ہو سکا کہ سب اپنے اپنے کام میں محو تھے۔

مہر نے اس کا ہاتھ پکڑا اور تیز تیز قدم اٹھانے لگی۔

حرائمہ کو پیچھے بٹھا کر مہر فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ نے گاڑی بھگا دی۔

گاڑی سبک رفتاری سے منزل کی جانب رواں دواں تھی۔

حرائمہ کے چہرے کی ہوائیاں اڑی ہوئیں تھیں، خوف کے باعث چہرہ کا رنگ فق ہو گیا تھا۔

مہر نے بیک مرر سے حرائمہ کو دیکھا۔

"فکر مت کرو بس ابھی ہم پہنچ جائیں گے---"

مہر نرم مسکراہٹ لئے بولی۔

حرائمہ آنکھوں میں نمی لئے اثبات میں سر ہلانے لگی۔"

شاہ بلکل خاموش تھا۔

مہر نے حرائمہ کو اپنے کمرے سے اگلا کمرہ کھول دیا۔

"اب تم میرے ساتھ رہو گی---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر کمرے میں قدم رکھتی ہوئی بولی۔

"لیکن آپ کے شوہر انہیں شاید ناگوار گزرے---"

حرائمہ پریشانی سے گویا ہوئی۔

تم فکر مت کرو۔ آرام کرو میں شام میں تم سے بات کروں "گی----"

مہر مسکراتی ہوئی باہر نکل گئی۔

شاہ بیڈ پر بیٹھا مہر کا منتظر تھا۔

"اِدھر آؤ---"

مہر کو اندر آتے دیکھ کر شاہ گھور کر بولا۔

مہر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس کے سامنے آ گئی۔

شاہ نے اس کی بازو پکڑ کر اپنے ساتھ بٹھا لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چہرے پر خفگی طاری تھی۔

"کیا ہوا؟"

مہر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

"تم اسے اس گھر میں رکھو گی؟"

شاہ گھورتا ہوا بولا۔

"ظاہر سی بات ہے شاہ وہ کہاں جائے گی؟"

مہر ششدہ سی بولی۔

میں نے تمہیں اپنے پاس رکھا ہے باقی سب میری ذمہ "
"داری نہیں----

شاہ بیزاری سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ اگر وہ بھی دو وقت کا کھانا کھا لے گی تو آپ کے "
"خزانے میں کمی تو نہیں آئے گی----

مہر اس کے شانے پر سر رکھتی ہوئی بولی۔

"لیکن اس کی وجہ سے ہماری----"

کچھ نہیں ہو گا شاہ وہ اپنے کام سے کام رکھے گی ویسے "
بھی میں اکیلی ہوتی ہوں سارا دن میرا بھی وقت گزر جائے
"گا----

مہر اس کا ہاتھ تھامتی ہوئی بولی۔

"اپنی بات منوانے کا ہنر آتا ہے تمہیں----"

شاہ خفگی سے بولا۔

"آپ کی بھی مانتی ہو نہ؟"

مہر سر اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اچھا ٹھیک ہے لیکن میں کچھ اور سوچ رہا تھا۔۔۔"
شاہ سنجیدگی سے بولا۔

"کیا؟"
مہر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

"میں سوچ رہا تھا تمہیں حویلی لے جاؤں۔۔۔"
شاہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔

"لیکن شاہ کس حیثیت سے؟"
مہر الجھ کر اسے دیکھنے لگی۔

" میں چاہتا ہوں تم ہر وقت میرے ساتھ رہو چھپ کر تم سے
ملنا وہ بھی تھوڑے سے وقت کے لئے۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ بولتا ہوا نفی میں سر ہلانے لگا۔

مہر نے چہرہ جھکا لیا۔"

"کیا ہوا؟"

شاہ دو انگلیوں سے اس کی تھوڑی اوپر کرتا ہوا بولا۔

"شاہ محبت اور پسندیدگی میں بہت فرق ہوتا ہے۔۔۔"

مہر کے لہجے میں چوٹ تھی۔

"مہر میں کچھ نہیں جانتا بس مجھے تم اپنے پاس چاہئیے۔۔۔"

شاہ بضد ہوا۔

شاہ آپ کو میری خوبصورتی سے مطلب ہے جبکہ ایک " فیملی میں رہنے کے لیے شوہر کا ساتھ اور عزت سب سے پہلے ہے۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر سر جھکائے بول رہی تھی۔

"تمہیں کیا لگتا ہے میں تمہیں عزت نہیں دوں گا؟"

شاہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"ایک طوائف کی عزت کون کرے گا؟"

مہر تلخی سے بولی۔

"جانتی ہو آج میں اس وقت کیوں آیا؟"

شاہ کے چہرے پر نرم سی مسکراہٹ تھی۔

کیوں؟"

مہر چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر نے رپورٹس بھیجیں تھیں میرے آفس۔ تم ماما بننے والی ہو---"

شاہ اس کے چہرے سے بال ہٹاتا ہوا بولا۔

مہر خوشگوار حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

"لیکن شاہ---"

شاہ نے اس کے نازک ہونٹوں پر انگلی رکھ کے خاموش کروا دیا۔

مہر کبھی مجھ سے بیوفائی مت کرنا۔"

مجھ سے محبت کرو یا نہ کرو لیکن مجھ سے وفا ضرور نبھانا---"

شاہ کی پیشانی مہر کی پیشانی کے ساتھ تھی۔

"شاہ ہمارا رشتہ کیسے چلے گا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر فکرمندی سے بولی۔

میں کچھ دن تک تمہیں حویلی لے جاؤں گا اور تمہیں وہ "
"عزت وہ مان دوں گا جس کی تم حقدار ہو۔۔۔

شاہ نے اپنے تشنہ لب اس کی پیشانی پر اپنے رکھ دئیے۔

شاہ کے لمس پر مہر نے آنکھیں بند کر لیں۔

مہر کا چہرے پرسکون تھا۔

ایک طویل سفر کے بعد میسر آنے والا سکون۔

****////////****

"ازلان پیپر دے دو۔۔۔"

حرم اس کا پیپر پکڑتی ہوئی بولی۔

ازلان نے گھورنے پر اکتفا کیا۔

حرم شش و ہمیں مبتلا ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پروفیسر ازلان پیپر نہیں دے رہا۔۔"

ناچار حرم نے پروفیسر کو مخاطب کیا۔

"کھینچ لیں۔۔۔"

وہ پیپرز دیکھتے مصروف سے انداز میں بولے۔

حرم نے پیپر کھینچا تو وہ دو حصوں میں بٹ گیا۔

حرم کا منہ کھل گیا۔

ازلان ششدہ سا پھٹے ہوئے حصے کو دیکھ رہا تھا۔

نگاہیں پیپر سے ہو کر حرم کی جانب کیں۔

حرم اسے دیکھ کر گھبرا گئی۔

"تم نے میرا پیپر۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

حرم تھوک نگلتی اسے دیکھنے لگی۔

ازلان دانت پیستا اسے گھور رہا تھا۔

حرم نے بھاگ جانے میں عافیت جانی۔

پیپر پھینک کر حرم نے دوڑ لگا دی۔

"تمہیں میں بخشوں گا نہیں حرم---"

ازلان خطرناک تیور لئے اس کے پیچھے لپکا۔

"ازلان پیپر؟---"

پروفیسر اسے باہر کی جانب بڑھتے دیکھ کر بولے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں سے اٹھا لیں جسے بولا تھا نہ دیکھیں کیا حال کیا ہے "
"اس نے---

ازلان ضبط کرتا ہوا باہر نکل گیا۔

وہ تعجب سے اسے جاتا دیکھنے لگے۔

ازلان باہر نکلا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا۔

حرم سامنے جاتی دکھائی دی۔

ازلان بھی چلنے لگا۔

حرم نے چہرہ موڑ کر دیکھا تو آنکھیں پھیل گئیں۔

چہرے پر خوف بڑھنے لگا۔

"ہائے وہ تو میرے پیچھے آ رہا ہے---"

حرم نے تقریباً بھاگنا شروع کر دیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم کو دیکھ کر ازلان نے بھی بھاگنے لگا۔

آس پاس کھڑے سٹوڈنٹس تعجب سے دونوں کو دیکھ رہے تھے۔

حرم بھاگتی ہوئی زینے چڑھنے لگی۔

ازلان بھی اس کے عقب میں تھا۔

"آج تم میرے ہاتھ سے بچ کے دکھاؤں۔۔۔"

ازلان غرایا۔

حرم کا حلق خشک ہو گیا اور سپیڈ ڈبل کر دی۔

ازلان اس سے کچھ فاصلے پر تھا۔

دونوں تقریباً بھاگتے ہوئے گول گول زینے چڑھ رہے تھے۔

حرم اوپر پہنچی تو کلاس میں بھاگ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس سے پہلے کہ وہ دروازہ بند کرتی ازلان نے دروازے کے آگے اپنا پاؤں رکھ دیا۔

حرم رونے والی شکل بنائے اسے دیکھنے لگی۔

ازلان خونخوار نظروں سے اسے گھور رہا تھا۔

"بچ کے جاؤ گی کہاں تم؟"

ازلان بولتا ہوا اندر آ گیا۔

حرم تھوک نگلتی پیچھے ہوتی جا رہی تھی۔

"ازلان سچ میں، میں نے جان بوجھ کر کچھ بھی نہیں کیا۔۔۔"

حرم معصومیت سے بولی۔

نہیں تم تو جان بوجھ کر کچھ بھی نہیں کرتی سب میں کرتا " ہوں نہ؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان خطرناک تیور لئے آگے بڑھ رہا تھا۔

حرم کھڑکی کے سامنے رک گئی

" دیکھو ازلان میں نے تمہیں شرٹ بھی لا کر دی تھی دو بار---"

حرم زور دے کر بولی۔

تو؟"

ازلان سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔

"تو،، تمہیں مجھے کچھ نہیں کہنا چاہئیے---"

حرم سوچتی ہوئی بولی۔

" واہ بڑی اچھی بات کہی ویسے میں سوچ رہا ہوں اس کھڑکی سے تمہیں نیچے پھینک دوں---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان آگے ہوتا کھڑکی سے نیچے جھانکتا ہوا بولا۔

حرم کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا۔

ترچھی نظر سے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔

"پا پاگل ہو گئے ہو کیا؟ مر جاؤں گی میں۔۔۔"

حرم صدمے سے بولی۔

"پھر کیا ہوا؟"

ازلان طمانیت سے بولا۔

ازلان کے اطمینان سے حرم کا رہا سہا سکون بھی غارت ہو گیا۔

"تم نے ٹھیکہ لے رکھا ہے مجھے تنگ کرنے کا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان انگلی اٹھاتا ہوا بولا۔

"نہ نہیں میں کیوں ایسا کروں گی سب خود بخود ہو جاتا۔۔۔"

وہ معصومیت کی انتہا کو چھوتی ہوئی بولی۔

ازلان قہر برساتی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"میں نے تمہیں۔۔۔"

حرم بول رہی تھی کہ ازلان نے اسے ٹوک دیا۔

"کیا نیا پیپر لا دو گی؟"

ازلان دانت پیستا ہوا بولا۔

"نہیں۔۔۔۔"

حرم تاسف سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر اب کیا سزا دی جائے تمہیں کھڑکی سے پھینک دوں یا "
"پھر بجلی کی تار تمہارے ہاتھ میں دے دوں----

ازلان اس خوفزدہ سی لڑکی کو دیکھ کر لطف اندوز ہو رہا تھا۔

"خدا کا خو خوف کرو میری جان بھی جا سکتی ہے----"

حرم اٹک اٹک کر بولی رہی تھی مانو کسی نے سولی پر لٹکا رکھا ہو۔

"زیادہ نہیں بس تھوڑی سی---"

ازلان محظوظ ہوتا ہوا بولا۔

"تھوڑی سی کیسے جاتی ہے؟"

حرم صدمے سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جب تمہاری جائے گی پھر معلوم ہو جائے گا۔"

ازلان بمشکل مسکراہٹ روکتا ہوا بولا۔

"می میں بھائی کو بلا لوں گی ہاں۔۔۔"

حرم سوچتی ہوئی بولی۔

"اچھا بلاؤ بھائی کو میں بھی اپنے سالے سے مل لوں گا۔۔۔"

ازلان اس کے ہاتھ میں پکڑے فون کی جانب نگاہوں سے اشارہ کرتا ہوا بولا۔

"میرے بھائی کو گالی دے رہے ہو؟"

حرم کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔

" پاگل ہو کیا میں اپنے سالے صاحب کی بات کر رہا۔ ہمارے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نکاح کے باعث۔۔۔

ازلان زور دے کر بولا۔

"اچھا میں جاؤں؟"

حرم مظلومیت سے بولی۔

"ایسے کیسے پہلے سزا پھر جانا۔۔۔"

ازلان اس کے قریب ہو گیا۔

حرم رونے والی شکل بنائے اسے دیکھ رہی تھی۔

ازلان قہقہ لگاتا اسے دیکھنے لگا۔

اس سے زیادہ اس میں سکت نہ تھی۔

حرم نا سمجھی سے اسے دیکھنے لگی جو منہ کھول کر ہنس رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اب کیا ہوا؟"

حرم منہ بسور کر بولی۔

تمہاری شکل ایسی ہے دیکھ کر۔۔۔"ازلان نے قہقہ لگاتے " بات ادھوری چھوڑ دی۔

حرم برا مان گئی۔

حرم نے جانے کے لیے قدم بڑھا دئیے۔

"اچھا سنو۔۔۔"

ازلان اسکی کلائی پکڑتا ہوا بولا۔

"کیا؟"

حرم منہ بناتی اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آج چلی جاؤں گی تم؟"

ازلان اسے اپنے سامنے لاتا ہوا بولا۔

"ہاں بھائی لینے آئیں گے---"

حرم دھیرے دھیرے بول رہی تھی۔

"مجھے مس کرو گی؟"

ازلان بغور اس کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

حرم نے نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھا۔

"پتہ نہیں---"

حرم گڑبڑا کر بولی۔

میں تمہاری ان الٹی سیدھی حرکتوں کو بہت مس کروں "
"گا---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان شرارت سے بولا۔

"تمہیں تو شکر کرنا چائیے۔۔۔"

حرم خفا خفا سی بولی۔

"اچھا سنو؟"

"سن تو رہی ہوں اور کیسے سنوں؟"

حرم خفگی سے دیکھتی ہوئی بولی۔

" مجھ سے رابطے میں رہنا اور اگر تم نے نخرے دکھائے تو تمہارے گھر آ جاؤں گا۔۔۔"

ازلان دھمکانے والے انداز میں بولا۔

"تمہیں میرا گھر معلوم ہے؟"

حرم ششدہ سی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آج جاؤں گی نہ تم تو میں بھی دیکھ لوں گا تمہارا گھر۔۔۔"

ازلان بائیں آنکھ دباتا ہوا بولا۔

حرم کا چہرہ حیا کے باعث سرخ ہو گیا۔

"میں جاؤں؟"

حرم نے اپنی کلائی آزاد کروانی چاہی۔

"اگر میں کہوں نہیں۔ پھر؟"

ازلان اس کی جھکی پلکوں کو دیکھتا ہوا بولا۔

"بھائی آ جائیں گے پلیز جانے دو مجھے۔۔۔"

حرم التجائیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان نے مسکراتے ہوئے اس کی کلائی آزاد کر دی۔

حرم پیچھے مڑے بنا نکل گئی۔

ازلان مسکراتا ہوا بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا۔

"جی بھائی آج آؤں گا میں۔ اگر کام نہیں تو آپ آ جائیں ورنہ ڈرائیور کو بھیج دیں۔۔۔۔"

ازلان فون کان سے لگائے چل رہا تھا۔

"چلیں ٹھیک ہے بابا کو بتا دینا آپ میں کچھ دیر میں نکلتا ہوں۔۔۔۔"

ازلان نے کہتے ہوئے فون رکھ دیا۔

*****///////*****

"کیا مطلب ہے حرائمہ غائب ہو گئی؟ آسمان کھا گیا یا زمین نگل گئی؟"

زلیخا بیگم حلق کے بل چلائیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیگم صاحبہ میں فیشل کروا رہی تھی اور وہ رفو چکر ہو "
"گئی----

سائرہ گھبراتی ہوئی بولی۔

آگ لگے تمہارے فیشل کو عقل کی اندھی اس کو بھگا دیا "
"تو نے----

زلیخا بیگم نے بولتے ہوئے اس کے بال دبوچ لیے۔

"قسم لے لیں بیگم صاحبہ جو میرا ہاتھ ہو اس میں----"

تکلیف اس کے چہرے سے عیاں تھی۔

ایسے کیسے بھاگ گئی وہ اتنے وقت سے تو اچھے سے "
"کام کر رہی تھی پھر؟

زلیخا بیگم اسے پرے کرتی ہوئیں بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بانی حقہ بقہ سی یہ منظر دیکھ رہی تھی۔

"کس کا کام ہو سکتا ہے یہ؟"

وہ بانی کو دیکھتی ہوئیں بولیں۔

" بیگم صاحبہ میں تو آپ کو کہتی تھی وہ چھپی رستم ہے آج موقع دیکھ کر بھاگ نکلی اور کیا۔۔۔"

بانی منہ بناتی ہوئی بولی۔

"منہ بند کر لے اپنا۔۔۔"

زلیخا بیگم طیش میں چلائیں۔

بانی دو قدم دور ہو گئی۔

اس آئمہ کو فون لگا ابھی تک کچھ نہیں کیا اس بیوقوف نے۔۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ غصے میں دھاڑ رہیں تھیں۔

بانی گھبراتے ہوئے فون ملانے لگی۔

"بیگم صاحبہ اٹھا نہیں رہی وہ۔۔۔"

بانی مایوسی سے بولی۔

زلیخا بیگم بے چینی سے پہلو بدلتی باہر نکل گئیں۔

****////////****

"سنبل تم بھی چلو گی نہ میرے ساتھ۔۔۔"

آئمہ مسکراتی ہوئی بولی۔

"لیکن میں کیا کروں گی تمہارے گھر؟"

سنبھل معصومیت سے بولی۔

" میں نے تمہیں بتایا نہیں ہمارا گھر بہت بڑا ہے بہت سارے نوکر ہیں۔ کچھ دن ہمارے گھر رہ لو پھر اپنے گاؤں چلی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جانا۔۔۔

آئمہ نے جال پھینکا۔

سنبل جو کہ متوسط طبقے سے تعلق رکھتی تھی آئمہ کی آن بان دیکھ کر مرعوب ہو گئی تھی اس پر اس کی آفر۔ وہ کشمکش میں مبتلا ہو گئی۔

دل چاہ رہا تھا کہ کچھ دن وہ بھی ملکہ کی مانند رہے جبکہ دماغ ناموزوں قرار دے رہا تھا کسی کے گھر جا کر رہنے کو۔

ہمیشہ دل ہی مات دیتا ہے دماغ کو۔

ٹھیک ہے میں تین دن تمہارے گھر رہ کر پھر اپنے گاؤں " چلی جاؤں گی یہ بتاؤ تمہارا ڈرائیور مجھے چھوڑ آئے گا نہ؟"

سنبل نے تصدیق کرنا چاہی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں یہ بھی کوئی پوچھنے والی بات ہے کیا؟ میرے ایک "
"اشارے پر ساری فوج قطار میں کھڑی ہو جاتی ہے---

آئمہ تفاخر سے بولی۔

معصوم سی سنبل جس نے دنیا کے رنگ بھی نہ دیکھے تھے وہ آئمہ جیسی تیز طرار لڑکی کی چکنی چپڑی باتیں کیسے سمجھ پاتی۔

"ٹھیک ہے پھر تم مجھے میرے ہاسٹل سے پک کر لینا---"

سنبل خوشی سے چہکی۔

"تم بس تیار رہنا---"

آئمہ ہاتھ ہلاتی مسکراتی ہوئی نکل گئی۔

بلآخر اس کی محنت رنگ لے ہی آئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بیگم صاحبہ اب مجھ سے خوش ہوں گی اس سے نہیں----"

وہ کدورت سے بولی۔

****///////*****

"اب تم مجھے اپنے بارے میں بتاؤ----"

مہر کھانے سے فارغ ہو کر بولی۔

آپی آپ کے شوہر کو کوئی مسئلہ تو نہیں میرے یہاں آنے "
"سے؟

آئمہ نے گھبراتے ہوئے استفسار کیا۔

میں نے پہلے بھی کہا تھا اور اب بھی کہ رہیں ہوں ان کو "
"کوئی مسئلہ نہیں ہے تم بے فکر ہو کر رہو یہاں----

مہر مسکراتی ہوئی بولی۔

"بہت شکریہ آپ نے مجھے اس جہنم سے نکال دیا----"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مہر کے ہاتھ پکڑتی تشکرانہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"شکریہ کی ضرورت نہیں---"

مہر مسکراتی آنکھوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"آپی ایک بات پوچھ سکتی ہوں؟"

"ہاں پوچھو؟"

مہر نرمی سے بولی۔

" آپ نے مجھے کیوں نکالا وہاں سے میرا مطلب آپ کی اپنی زندگی ہے لیکن آپ نے میرا سوچا اور اپنی بات پر عمل درآمد کیا کیوں؟"

وہ آنکھوں میں نمی لئے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ میری کسی نے مدد نہیں کی تھی۔"

میں نے تمہاری مدد کی تاکہ کل کو تم بھی کسی کی مدد کرنے کے قابل ہو سکو۔"

مہر کی آنکھوں میں کرب دکھائی دے رہا تھا۔

درد ناک ماضی کی اذیت ناک یادیں۔

مہر نے آنکھیں زور سے بند کر کے کھولیں۔

"سوری۔۔۔"

حرائمہ نادم سی بولی۔

ارے نہیں تم سوری مت بولو۔"

وہ شعر شاید پڑھا ہو۔۔

یاد ماضی عذاب ہے یا رب

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

"بس ایسا ہی کچھ حال ہے---

مہر نم آنکھوں سے مسکرا دی۔

حرائمہ کی آنکھیں چھلک پڑیں۔

شہادت کی انگلی سے وہ آنکھ صاف کرنے لگی۔

"اب تم بتاؤ کچھ اپنے بارے میں---"

مہر خود کو سنبھالتی ہوئی بولی۔

" ہمارے گھر میں صرف میری امی اور میں، ہم دو افراد رہتے ہیں۔ابو بہت پہلے دنیا سے منہ موڑ گئے لیکن انہوں نے میرے مستقبل اور شادی سب کی تیاری کر رکھی تھی---"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ اشک بہاتی بول رہی تھی۔

مہر نے اسے رونے دیا تاکہ دل کا بوجھ ہلکا ہو جائے۔

پھر دو سال پہلے میری امی کا گردہ فیل ہو گیا تب سے وہ " ڈائلائسز پر ہیں میں پڑھائی کے ساتھ ساتھ گھر کا کام اور امی کو سنبھالتی تھی لیکن میری کلاس فیلو نے بہانے سے مجھے اس کوٹھے پر پہنچا دیا۔ پتہ نہیں امی کس حال میں ہوں گی انہیں ہاسپٹل بھی میں ہی لے جاتی تھی----"

حرائمہ کا چہرہ اشکوں سے تر ہو چکا تھا۔

مہر بھی اشک بہاتی اسے دیکھ رہی تھی۔

ان کا دکھ سانجھا نہیں تھا لیکن مہر کے کچھ زخم ہرے ہو گئے تھے مانو کسی نے نمک چھڑک دیا ہو اور اب وہ رسنے لگے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ کے جانے کے بعد ان لوگوں نے مجھ سے مجرے کروائے اور تین بار---"

حرائمہ کے الفاظ دم توڑ گئے۔

"میں سمجھ گئی ہوں---"

مہر اس کے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

"لیکن میں شکر گزار ہوں اللہ کی اس پاک ذات نے مجھے اس جہنم سے نکال دیا---"

مہر ششدہ سی اسے دیکھنے لگی۔

"وہ جس کی عصمت کو تار تار کیا گیا تھا آج رہا ہونے پر وہ شکر کر رہی تھی اور میں؟ اللہ نے میری عزت کی حفاظت کی لیکن میں آج بھی اس رب کا شکر نہیں کرتی میں آج بھی اس سے منہ موڑے ہوئے ہوں---"

حرم خود کلامی کر رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ چہرہ صاف کر کے مہر کو دیکھنے لگی جو غائب دماغی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"آپ اپنے بارے میں بتائیں؟ آپ کیسے وہاں پہنچیں؟"

مہر سانس خارج کرتی کچن کے دروازے کو گھورنے لگی۔

"میرے بابا نے۔۔۔"

گلے میں آنسوؤں کا پھندا پھنس گیا۔

آنسو ٹپ ٹپ اس کے رخسار کو بھگو رہے تھے۔

تیزی سے بہتے اشک، سرخ ہوتیں آنکھیں اور چہرے پر عیاں کرب، مہر پر بیتی قیامت خیز داستاں کے گواہ تھے۔

" وہ نشہ کرتے تھے ایک دن جب پیسے نہ ملے قرضہ پہاڑ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

برابر ہو گیا تو مجھے زلیخا بیگم کے ہاتھ چند کھوٹے سکوں کے عوض بیچ دیا۔۔۔"

مہر ٹھر ٹھر کر بول رہی تھی۔

اس کی آنکھوں میں دکھائی دیتا کرب آج زباں پر آ ہی گیا تھا۔

"مجھ سے زیادہ بد قسمت اور کوئی نہیں ہو گا جسے اس کے باپ نے ایسے جہنم میں دھکیل دیا، میری امی نے ساری زندگی روکھی سوکھی کھائی، روتے سسکتے گزار لی کپڑے سلائی کر کے مجھے پالا، گھر کو چلایا

لیکن اس انسان کو رحم نہیں آیا اور مجھے اٹھا کر پھینک آیا۔اس کے بعد زلیخا بیگم نے مجھے امی کی موت کی اطلاع دی۔۔۔۔"

مہر سانس لینے کو رکی۔

"بس اس طرح میں پہنچ گئی وہاں۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر حرائمہ کو دیکھتی ہوئی بولی جس کی آنکھیں اشک بار تھیں۔

"میں دوائی کھا لوں۔۔"

مہر بہانہ بناتی اٹھ گئی۔

حرائمہ شاید سمجھ چکی تھی اس لئے خاموش رہی۔

مہر نے دروازہ لاک کر لیا اور زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔

اشک تھے کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔

سسکتے ہوئے اس نے چہرہ گھٹنوں پر گرا لیا۔

زبان خاموش تھی کیونکہ آنسو بول رہے تھے۔

اس کی آنکھیں بول رہیں تھیں۔

اس کا دل بول رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

درد کی زباں نہیں ہوتی وہ اپنے آپ عیاں ہو جاتا ہے۔

بلکل اسی طرح جیسے ہر بات کہنے کے لیے الفاظ درکار نہیں ہوتے۔

درد کو بیان کرنے کے لیے بھی الفاظ کی ضرورت نہیں پڑتی، وہ لفظوں کا محتاج نہیں ہوتا۔

آج وہ پھر سے خود کو تنہا محسوس کر رہی تھی۔

اسے سمیٹنے والا کوئی بھی نہیں تھا جیسے کچھ سال قبل کوئی نہیں تھا۔

تب بھی اس نے خود اپنی ذات کے ٹکڑے سمیٹے تھے اور آج بھی اسے خود ہی سمیٹنے تھے۔

شاہ آپ کے ہونے سے بھی مجھے تقویت نہیں ملی کیونکہ " آپ کو مجھ سے محبت نہیں ہے۔ آپ مجھے پسند کرتے ہیں اور پسند تو ہر دوسری تیسری چیز آ جاتی ہے۔ پسند تو کبھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی بدل جاتی ہے۔

آپ میرا سہارا نہیں ہیں آپ میرے سائباں نہیں ہیں۔ میں آپ کی ضرورت ہوں اور جب ضرورت پوری ہو جائے تو چیزیں بے مول ہو جاتی ہیں۔

ہو سکتا ہے ہمارا بچہ لے کر آپ بھی مجھے بے مول کر دیں۔ کیسے آپ پر اعتبار کروں آپ نے تو کبھی اعتبار کروایا ہی نہیں۔

آپ کو مجھ سے مطلب ہے میری خوبصورتی سے۔ اس مطلب کی بہت اہمیت ہوتی ہے کسی بھی رشتے میں کیونکہ جب مطلب نکل جائے تو رشتہ باقی نہیں رہتا۔ میں نہیں چاہتی کہ مجھے آپ سے محبت ہو کیونکہ آپ نے مجھے جھکانے کا قصد کر رکھا ہے یہ رشتہ صرف ایک مذاق ہے اور مذاق جب دل چاہے ختم کر سکتے ہیں۔

کاش آپ مجھے سنبھال لیتے شاہ کاش آپ میرا درد بانٹتے

آپ میرے ہمدرد بنتے۔

کاش ایسا ہوتا شاہ آپ کو مجھ سے محبت ہوتی تاکہ میں بھی اس کھلی فضا میں سانس لے پاتی مجھے بھی تسلی ہوتی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی چاہنے والا ہے میرا۔ لیکن نہیں آپ بھی اس گندی دنیا کا ایک حصہ ہیں کیونکہ عزت دار تو آپ بھی نہیں جو مرد "کوٹھے پر جاتا ہے اس پر اعتبار سراسر بیوقوفی ہے---

مہر سر جھٹکتی ہوئی بولی۔

اور میں یہ بیوقوفی کبھی نہیں کروں گا شاہ، اپنا دل اپنے " "جذبات بے مول نہیں ہونے دوں گی میں----

مہر مرمریں ہاتھوں سے رخسار رگڑتی ہوئی بولی۔

****////////****

"شاہ ویز تمہیں معلوم ہے شاہ کوٹھے پر جاتا ہے؟"

برہان فون سے نظریں ہٹا کر بولا۔

شاہ ویز سکتے میں آ گیا۔

میں نہیں مان سکتا بھائی ایسے نہیں ہیں ضرور تمہیں غلط " "فہمی ہوئی ہے---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ ویز کا سکتا ٹوٹا تو نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

" تمہیں کیا لگتا ہے میں جھوٹ بولوں گا؟ شاہ کا حال تمہارے سامنے ہے وہ خود نجانے کیا کرتا رہتا ہے اور تمہیں گھر سے نکال رکھا ہے صرف اسی لئے کہ تم مجھ سے دوستی رکھنا چاہتے ہو---"

برہان تاسف سے بولا۔

" وہ سب تو ٹھیک ہے لیکن بھائی ایسا نہیں کر سکتے یار وہ بہت مختلف مزاج کے مالک ہیں ایسی توقع کم از کم میں نہیں رکھتا ان سے---"

شاہ ویز ماننے سے انکاری تھا۔

" تم بیوقوف ہو شاہ ویز وہ شاہ سب کو اپنے اشاروں پر چلا رہا ہے۔
اور سب چل بھی رہے ہیں حتیٰ کہ تم بھی۔مجھے بتاؤ کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی تمہاری خبر لینے آیا بس یہی اہمیت ہے کیا تمہاری؟
جبکہ شاہ کے تو آگے پیچھے گھومتے ہیں سب تمہیں سمجھ
"ہی نہیں آتا یہ سب۔۔۔

برہان تاسف سے بولا۔

"پھر مجھے کیا کرنا چاہیے؟"
شاہ ویز برہان کو دیکھتا ہوا بولا۔

جیسے میں کہتا ہوں ویسا کرو پھر دیکھنا تم بھی شاہ کی "
"مانند خود مختار ہو گے اپنے فیصلوں میں۔۔۔

برہان فاتحانہ مسکراہٹ لئے بولا۔
شاہ ویز اثبات میں سر ہلانے لگا۔

****////////****

ذوناش ازلان کی منتظر تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جونہی ازلان باہر نکلتا دکھائی دیا وہ اس کی جانب لپکی۔

"ازلان مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے؟"

ذوناش کے لہجے میں بے چینی تھی۔

ازلان کے چہرے پر بیزاری نمایاں تھی۔

"اچھا چلو---"

وہ احسان کرنے والے انداز میں بولا۔

"ازلان کیا ہوا ہے تم مجھ سے اب بات بھی نہیں کرتے؟"

ذوناش ناراض ناراض سی بولی لیکن مقابل پر اس کی ناراضگی کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

"ٹائم نہیں ہوتا میرے پاس؟---"

ازلان اکتا کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ازلان تم حرم کو طلاق دے کر مجھ سے شادی کر لو۔۔۔"
ذوناش اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتی ہوئی بولی۔

"تم پاگل ہو گئی ہو کیا؟"
ازلان کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔

اپنے ہاتھ اس کے ہاتھ سے نکال لیے۔
چہرے پر خفگی سجائے وہ ذوناش کو گھورنے لگا۔

مجھے بھی تم سے بات کرنی تھی۔اور کان کھول کر سن لو " میں تنگ آ چکا ہوں اس ریلیشن سے اس لئے میں آج ہمارا ریلیشن ختم کرتا ہوں اب دوبارہ میرا سر مت کھانا۔۔۔"
ازلان چبا چبا کر بول رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذوناش کی آنکھیں پھیل گئیں۔

"تم ایسا کیسے کر سکتے ہو؟"

وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

" میں نے تم سے کبھی کوئی وعدے نہیں کئے ان فیکٹ تم ہی میرے پاس آئی تھی تم سب پر یہ ظاہر کرنے کے عوض کہ میرا اور حرم کا کوئی رشتہ نہیں میں نے تم سے حرم کا نمبر لینے کے لیے بات کی اور تم تو پھیل ہی گئی---"

ازلان کے چہرے پر اکتاہٹ تھی۔

" تمہیں وہ حرم مجھ سے زیادہ خوبصورت لگتی ہے؟ اِدھر میری آنکھوں میں دیکھ کر بولو---"

ازلان جو دائیں بائیں دیکھ رہا تھا مانو اس کی بات کی کوئی اہمیت ہی نہ ہو، ذوناش اس کا چہرہ اپنی جانب کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں مجھے وہ تم سے زیادہ خوبصورت لگتی ہے اور کسی " "شرط پر اسے نہیں چھوڑوں گا میں اور کچھ؟

ازلان اس کی جانب جھکتا آنکھیں میں دیکھتا ہوا بولا۔

"تم ایسا نہیں کر سکتے تمہاری شادی مجھ سے---"

"میں کچھ بھی کر سکتا ہوں---"

ازلان اسے ٹوکتا ہوا بولا۔

ایک نظر ذوناش پر ڈالی اور چلنے لگا۔

ذوناش ڈبڈباتی آنکھوں سے اسے دور جاتا دیکھنے لگی۔

حرم تمہیں اب اس دنیا سے جانا پڑے گا بہت مزے کر لئے " تم نے۔ تمہیں میں چھوڑوں گی نہیں۔

ازلان کو میں کسی قیمت پر نہیں کھو سکتی مجھے کسی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بھی طرح ازلان سے شادی کرنی ہو گی---

وہ چہرہ رگڑتی ہوئی بولی۔

****////////****

ہاسٹل کے باہر شاہ گاڑی میں بیٹھا حرم کا منتظر تھا۔

حرم ایک بیگ اٹھائے نمودار ہوئی۔

بیگ پچھلی سیٹ پر رکھ کر فرنٹ سیٹ پر آ گئی۔

شاہ خاموشی سے ڈرائیو کرتا حویلی آ گیا۔

حرم نم آنکھوں سے حویلی کی در و دیوار کو دیکھ رہی تھی۔

یہ دیکھو ذرا سلوٹیں تو نکلی نہیں ہیں پھر کہیں گیں کہ "بولوں بھی نہ---"

ضوفشاں بیگم ماتھے پر بل ڈالے ملازمہ پر برس رہیں تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"امی---"

حرم ان سے لپٹتی ہوئی بولی۔

"میری جان تو آ گئی؟"

ضوفشاں بیگم حرم کی پیشانی چومتی ہوئیں بولیں۔

"جی امی----"

حرم نم آنکھوں سے مسکراتی ہوئی بولی۔

" آ جا بیٹھ میرے ساتھ تجھ سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں---"

وہ صوفے پر بیٹھتی ہوئیں بولیں۔

شاہ دوسرے صوفے پر بیٹھا فون میں محو تھا۔

"امی بابا سائیں کہاں ہیں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم بے چینی سے بولی۔

یہیں ہیں کہاں جانا ہے انہوں نے۔"

کھڑی کھڑی میرا منہ کیا دیکھ رہی ہے جا جا کر بلا کر لا صاحب کو اور جیرو کو بول میری دھی آئی ہے اچھا اچھا کھانا بنائے۔۔۔"

وہ ملازمہ کو خفگی سے دیکھتی ہوئیں بولیں۔

حرم کی آنکھیں چھلک پڑیں۔

اس پیار کو شدت سے یاد کرتی تھی۔

"ارے واہ تم آ گئی؟"

ماریہ مسکراتی ہوئی بولی۔

"جی بھابھی۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم اٹھ کر ماریہ سے ملی۔

"کسی سے لڑائی لڑوئی تو نہیں کی وہاں؟"

ضوفشاں بیگم فکرمندی سے بولیں۔

"امی آپ کو لگتا ہے میں کسی سے لڑائی کروں گی؟"

حرم خفگی سے بولی۔

" نہ نہ میری حرم تو بہت معصوم ہے۔ بس اسی معصومیت سے بھی ڈر لگتا ہے نہ۔۔"

وہ پریشانی سے گویا ہوئیں۔

"اور سناؤ حرم شہر کا رنگ نہیں چڑھا تمہیں؟"

ماریہ طنز کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بھابھی امی کی تربیت ہی ایسی ہے کہ کسی شہر یا "
"کسی ملک کا رنگ نہیں چڑھ سکتا۔۔۔

حرم ضوفشاں بیگم کے ساتھ لگتی ہوئی بولی۔

"میری بچی ہے ہی بہت پیاری۔۔۔"

وہ خوشی سے چہکیں۔

"شہریار بھائی اور شاہ شاہ ویز بھائی کہاں ہیں؟"

حرم کی زبان لڑکھڑا گئی۔

شہریار تو تم جانتی ہو اس ٹائم آفس اور چھوٹا فلحال گھر "
"سے باہر ہے۔۔۔

ماریہ تاسف سے بولی۔

"باہر ہے مطلب؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم الجھ کر انہیں دیکھنے لگی۔

مصطفیٰ بھائی نے نکالا ہے چھوٹے کو برہان کے ساتھ " "رہتا تھا۔۔۔

ماریہ نے مختصر سمجھا دیا۔

شاہ آبرو اچکا کر ماریہ کو دیکھنے لگا۔

میرا مطلب بابا سائیں نے بولا تھا مصطفیٰ بھائی کو " "چھوٹے کو سمجھانے کا تو جو انہیں بہتر لگا۔۔۔

ماریہ سنبھل کر بولی۔

حرم کے ہینڈ بیگ میں پڑا فون وائبریٹ کر رہا تھا۔

یہ جیرو پتہ نہیں کہاں مر گئی ہے کتنی دیر سے حرم آئی " "ہوئی۔۔۔۔

ضوفشاں بیگم چلاتی ہوئیں باورچی خانے کی جانب چل دیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" بھابھی امی سے کہیے گا میں کچھ دیر نیند لوں گی پھر کچھ کھانے کو---"

حرم بیگ اٹھاتی ہوئی بولی۔

"ٹھیک ہے میں کہ دیتی ہوں۔۔"

ماریہ جانچتی نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

حرم مسکراتی ہوئی چلنے لگی۔

"ہاں عدیل بول؟"

شاہ فون کان سے لگائے باہر کی جانب چلنے لگا۔

" یار ایسا کرتے ہیں پارٹی کے چئیرمین کے ساتھ ایک ٹاک شو رکھتے ہیں چینل کی ریٹنگ بڑھے گی باقی نیوز چینل بھی تو کر رہے ہیں نہ؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زنیرہ استہزائیہ ہنسی۔

یہ غلطی کرنا بھی مت کیونکہ ایک طوائف کو نہ کوئی "
اپناتا ہے نہ ہی کوئی عزت دیتا ہے۔

وقت گزاری کے لئے ساتھ رہ لے گا لیکن بیوی کا درجہ
"کبھی نہیں دے گا۔۔۔

وہ آئینہ دکھانے لگیں۔

زنیرہ تلخی سے مسکرانے لگی۔

"جانتی ہوں اس حقیقت سے منہ کیسے موڑ سکتی ہوں؟"

وہ آہ بھرتی ہوئی بولی۔

"چل پھر اٹھ جا شاباش میری جان۔۔۔"

زلیخا بیگم نرمی سے بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب واپس جاؤں گی تو ایک زبردست قسم کی لڑکی لا کر "
"دوں گی اس لئے ابھی مجھ تنگ مت کریں---

زنیرہ لحاف منہ پر اوڑھتی ہوئی بولی۔

زلیخا بیگم کلس کر باہر کو چل دیں۔

میری ہی شہ پر دندناتی پھرتی ہیں سب کو کھینچ کر رکھنا "
"پڑے گا---

وہ ہنکار بھرتی ہوئیں چلنے لگیں۔

****//////****

" !مہر میری بات سنو"

شاہ اس کے عقب میں چلتا ہوا بولا۔

مہر آنسو بہاتی دروازے کی جانب بڑھ رہی تھی۔

شاہ نے اس کی کلائی تھام لی۔

مہر چہرہ موڑے التجائیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ بنا کچھ بولے چلنے لگا۔

"شاہ مجھے جانے دیں۔۔۔"

مہر اس کے ہمراہ چلتی ہوئی بولی۔

"اب تم خاموش رہو گی۔۔۔"

شاہ زینے چڑھتا ہوا بولا۔

مہر کی پائیل کی چاپ سنائی دے رہی تھی۔

شاہ کمرے کی بجائے چھت پر آ گیا۔

مہر آنسو بہاتی اسے دیکھ رہی تھی۔

شاہ نے ہاتھ بڑھایا اور مہر کے رخسار سے آنسو چننے لگا۔

شاہ کے لمس پر مہر نے آنکھیں بند کر لیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ نے اسے خود سے قریب کیا۔

" مہر میں تمہیں چھوڑ نہیں سکتا۔ یہ بات اپنے پلو سے باندھ لو چاہے مجھے ساری دنیا سے لڑنا پڑے لیکن میں تمہیں کہیں نہیں جانے دوں گا۔۔۔"

رات کے اندھیرے میں, فلک پر ٹمٹماتے ستاروں کے ہمراہ, خاموشی میں وہ دھیرے دھیرے سرگوشی کر رہا تھا۔

"کیوں شاہ؟"

مہر تڑپ کر اسے دیکھنے لگی۔

" میں تم سے بے حد محبت کرتا ہوں مہر۔تمہارے بنا جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتا میں۔ تم میری روح کا حصہ بن گئی ہو جسے میں چاہ کر بھی خود سے جدا نہیں کر سکتا۔۔۔"

شاہ دھیرے دھیرے مہر کی بےقرار دھڑکنوں کو قرار بخش

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہا تھا۔

مہر خاموش اسے سن رہی تھی۔

شاید وہ اسے سننا چاہتی تھی۔

" سچ کہوں گا تم سے پہلے میرا ایسا ارادہ نہیں تھا لیکن اب تمہیں خود سے الگ کرنا ممکن نہیں مہر۔ دنیا کی فکر تم مت کرو جب میں تمہارے ساتھ ہوں پھر کیوں فکر کرتی ہو؟"

مہر نے اپنی پیشانی شاہ کے بائیں رخسار سے لگا دی۔

ہوائیں رخ بدل رہیں تھیں۔

جذبات بدل رہے تھے۔

فلک کی چادر پر بکھرے ستارے اور مہتاب بھی مسکرا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنی روشنی سے تاریک دلوں کو منور کر رہے تھے۔

اپنے دل میں یہ خیال کبھی مت آنے دینا کہ شاہ تمہیں " چھوڑ دے گا۔ شاہ ساری دنیا کو چھوڑ سکتا ہے لیکن تمہیں "نہیں---

مہر کی آنکھوں سے دو اشک ٹوٹ کر شاہ کی گردن پر آ گرے۔

اس کی محبت مہر کو ریزہ ریزہ کر رہی تھی۔

شاہ کو مہر سے محبت تھی آج وہ زباں پر لے ہی آیا۔

"شاہ کوئی مجھ جیسی کے لئے بھی اتنا کہ سکتا ہے؟" مہر سسکتے ہوئے بولی۔

دنیا کچھ بھی سوچے مجھے فرق نہیں پڑتا میرے لئے تم "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت اہمیت کی حامل ہو اور تمہارا ماضی؟ میں نہیں سوچتا اس متعلق۔ تم میرے ہمراہ ہو، تمہارے نام. کے ساتھ میرا نام ہے، تم پر صرف شاہ کا حق ہے، بس یہی جانتا ہوں میں---"

شاہ اسے اپنی محبت کا اعتماد بخش رہا تھا۔

مہر کی آنکھوں میں دکھائی دیتی بے یقینی آج وہ ختم کر دینا چاہتا تھا۔

شاہ خاموش ہو گیا۔

مہر نے اپنے لب نہ کھولے۔

وہ ٹوٹی تھی بکھری تھی لیکن آج اسے سمیٹنے والا اس کے ساتھ تھا۔

وہ تنہا نہیں تھی۔

اس کا غم خوار اسے اپنی پناہ میں لئے ہوئے تھا۔

آج وہ اسے اپنی محبت کا یقین دلا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب تم کمرے میں جا کر آرام کرو میں گھر والوں سے بات " کر کے آؤں گا..."

شاہ آہستہ آہستہ بول رہا تھا۔

جو اذیت تھی وہ ختم تو نہیں ہو سکتی تھی۔ اپنی ذات کی تذلیل کوئی برداشت نہیں کر سکتا۔ مضحکہ خیز الفاظ کسی خنجر کی مانند دل میں پیوست ہو جاتے ہیں اور یہی دل کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے ہیں جنہیں سمیٹنا ناممکنات میں شمار ہے۔

لیکن وہ مداوا کرنے کی سعی کر رہا تھا۔

مہر چہرہ جھکائے اس کے ہمراہ چلنے لگی۔

میں کھانا بھیجوں گا ملازمہ کے ہاتھ چینج کر کے کھا " لینا..."

شاہ دروازے میں کھڑا اسے کا منہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر کی آنکھیں پھر سے نم ہو گئیں۔

وہ اثبات میں سر ہلانے لگی تو شاہ چلا گیا۔

شاہ جانتا تھا اس وقت سب بابا سائیں کے کمرے میں ہوں گے اس نے اسی جانب قدم بڑھا دئیے۔

توقع کے عین مطابق سب وہیں پر تھے ماریہ اور حرم کے سوا کیونکہ عورتوں کو اتنا حق نہیں دیا جاتا کہ وہ مداخلت کر سکیں۔

شاہ کے قدم رکھتے ہی کمرے میں مکمل خاموشی چھا گئی۔

شاہ ایک نظر سب پر ڈالتا سنگل صوفے پر بیٹھ گیا۔

"جی بابا سائیں بولیں؟"

شاہ بغور انہیں دیکھتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ ہم کیا سن رہے ہیں تم نے ایک طوائف کے ساتھ نکاح "
"کیا ہے؟

وہ ضبط کرتے ہوئے بولے۔

لیکن پھر بھی ان کی آواز کمرے سے باہر جا رہی تھی۔

"کس نے کہا مہر طوائف ہے؟"
شاہ بھرپور طمانیت سے بولا۔

چودھری کی بیوی کہہ رہی تھی تم تو ایسے پوچھ رہے ہو "
"جیسے معلوم ہی نہیں---

ضوفشاں بیگم پھٹ پڑیں۔

شاہ سلگتی نگاہوں سے انہیں دیکھنے لگا۔

میں بابا سائیں سے بات کر رہا ہوں مناسب ہو گا آپ "
"مداخلت نہ کریں تو؟---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ چبا چبا کر بولتا کمال صاحب کو دیکھنے لگا۔

" تو چودھری جھوٹ بول رہا ہے؟ کیا استفادہ حاصل ہو گا اسے اس سب سے؟"

کمال صاحب سوالیہ نظروں سے شاہ کو دیکھنے لگے۔

" مجھے ایک بات بتائیں کیا وہ قابل اعتبار انسان ہے؟ آپ میں سے کسی نے مہر پر الزام کیوں نہیں لگایا یا پھر گاؤں کے کسی اور انسان نے ایسا کیوں نہیں کہا؟"

شاہ آبرو اچکا کر بولا۔

" اگر وہ اتنے وثوق سے یہ بات کہہ رہا ہے تو مطلب وہ کوٹھے پر جاتا ہے اور آپ اس چودھری سے ثبوت لا دیں مجھے کہ مہر کوٹھے سے آئی ہے---"

شاہ رک کر انہیں دیکھنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تو کیوں کہ رہا ہے چودھری یہ سب؟"

ضوفشاں بیگم پھر سے غرائی۔

" جو بکواس میں کر رہا ہوں وہ سمجھ نہیں آ رہی اور جو بکواس اس نے کر دی وہ پتھر کی لکیر ہو گئی ہے۔ کیا ہو گیا ہے آپ سب کو ایک چھوٹی سی بات بول رہا ہوں میرے بجائے اس چودھری کا یقین کر رہے ہیں؟ اگر اتنی تکلیف ہے میری بیوی سے تو بتا دیں میں اسے لے کر چلا جاتا ہوں؟"

شاہ بگڑ کر ضوفشاں بیگم کو دیکھنے لگا۔

شہریار اور شاہ ویز خاموش بیٹھے تھے کیونکہ شاہ کے معاملات میں مداخلت کرنے کی کسی کو اجازت نہ تھی۔

" تم کیوں جاؤ گے یہاں سے جاؤ اپنے کمرے میں ہم سمجھا لیں گے تمہاری ماں کو۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمال صاحب نے بگڑتی صورتحال کو دیکھ کر نرمی سے مخاطب کیا۔

شاہ لمبے بے ڈگ بھرتا باہر نکل گیا۔

"آپ نے۔۔۔"

"بس اس پر مزید کوئی بحث نہیں شاہ پر ہمیں بھروسہ ہے وہ بنا سوچے سمجھے کوئی کام نہیں کرتا اور آپ محتاط رہیں گیں اب۔بہو امید سے ہے اور شاہ بہت خوش ہے

"ہم نہیں چاہتے شاہ کی اولاد کو خطرہ لاحق ہو۔۔۔

وہ ہاتھ اٹھا کر ضوفشاں بیگم کو بولنے سے باز رکھتے حتمی انداز میں بولے۔

شہریار اور شاہ ویز اثبات میں سر ہلاتے چلے گئے۔

حرم نے چینی سے کمرے میں ٹہل رہی تھی۔

اس کے برعکس حرائمہ کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک ایسی حقیقت کے آشکار ہونے کا خطرہ لاحق تھا جس میں زبردستی اسے جھونکا گیا تھا۔

شاہ کمرے میں آیا تو نظر مہر سے ٹکرائی جو صوفے پر بیٹھی اس کی منتظر تھی۔

"تم نے ابھی تک کھانا نہیں کھایا؟"

شاہ فکرمندی سے کہتا اس کے پہلو میں بیٹھ گیا۔

"آپ نے بھی تو نہیں کھایا۔۔۔"

مہر نے ستا ہوا چہرہ اٹھا کر اسے دیکھا۔

شاہ کے لب دھیرے سے مسکرا دئیے۔

"لیکن تمہیں کھا لینا چاہئیے تھا بلاوجہ میرا انتظار کیا۔۔۔"

شاہ نفی میں سر ہلاتا مہر کے منہ میں نوالہ ڈالنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

لوگوں کی باتوں سے دل دکھا تھا تو وہ اپنی محبت سے ان زخموں کو مندمل کر رہا تھا۔

"اب تم سو جاؤ۔ مجھے کچھ کام کرنا ہے۔۔۔"

شاہ اس کا رخسار تھپتھپاتا ہوا بولا۔

مہر سر ہلاتی کھڑی ہو گئی۔

شاہ سانس خارج کرتا لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گیا۔

*****//////*****

ماحول میں تلخی سی در آئی تھی۔

ضوفشاں بیگم اور ماریہ مہر کو نظر انداز کر رہی تھیں اور مہر سے بات کرنے سے گریز برت رہی تھیں۔

ماریہ اگر یہ مہر طوائف ہے تو پھر یہ حرائمہ بھی تو "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"طوائف ہو گی نہ؟

شاہ کے نکلتے ہی ضوفشاں بیگم شروع ہو گئیں البتہ آواز دھیمی تھی۔

" بہن ہے اس کی اور اگر مہر کوٹھے سے آئی ہے تو حرائمہ بھی وہیں سے آئی ہو گی---"

ماریہ حرائمہ کو دیکھ کر منہ بناتی ہوئی بولی۔

" میں جب شادی کا بولتی تھی تو میرے پیچھے پڑ جاتا تھا کہ نام بھی کیوں لیا اور اب خود پتہ نہیں کہاں سے ایسی طوائف کو اٹھا لایا ہے ہمارے خاندان کا نام ہے کوئی گرے پڑے لوگ تھوڑی نہ ہیں ہم---"

مہر کو سنانے کے عوض وہ اونچی آواز میں بولیں۔

مہر کا منہ میں جاتا ہاتھ ہوا میں معلق ہو گیا۔

آنکھیں نمکین پانیوں سے بھر گئیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ اس کی کیفیت سے بخوبی واقف تھی۔

مہر کو دیکھ کر اس کا دل بھی کٹ رہا تھا۔

مہر سر جھکائے لب کاٹتی دائیں بائیں دیکھنے لگی۔

آنکھیں چھلکنے کو بے‌تاب تھیں لیکن وہ خود کو باز رکھ رہی تھی۔

" ایسی بے حیا لڑکیاں مجرا کرتی ہی اچھی لگتی ہیں گھر کی عزت نہیں بنایا جاتا انہیں۔ نجانے شاہ کو کب عقل آئے گی؟"

وہ تاسف سے بولیں۔

مہر کا ہاتھ کپکپانے لگا۔

دل شدت غم سے لبریز ہو کر پھٹنے کو تھا۔

کیا قصور تھا اس کا؟ یہی کہ اسے ایک جہنم میں ڈال دیا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی مرضی کے بنا۔ وہ تو بنا قصور کے ہی قصوروار ٹھرا دی گئی تھی۔

دو موتی ٹوٹ کر میز پر آ گرے۔

حرائمہ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

وہ دونوں بےبس تھیں۔

دل برداشت کرنے سے انکاری تھا اور زبان بولنے سے۔

بھلا ان جیسی بھی بول سکتی ہیں؟ جن کی کوئی عزت نہیں جنہیں معاشرہ قبول نہیں کرتا ان کی کون سنے گا؟

مجھے تو سمجھ نہیں آتی امی مصطفیٰ بھائی نے شادی " کرنی ہی تھی تو کیا ایک طوائف سے؟ اس سے کئی درجے اچھی تو میری بہن ہے اس سے کر لیتے کم از کم عزت تو باقی رہتی نہ۔ ایسی لڑکیاں کہاں عزت کے معنی جانتی ہیں "دیکھیے گا دو دن میں سارے رنگ عیاں ہو جائیں گے---

ماریہ ہنکار بھرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

الفاظ تھے یا نشتر جو دل کو چیر رہے تھے۔

دل ٹوٹ کر نجانے کتنے حصوں میں تقسیم ہو چکا تھا لیکن شاید ان کا دل ابھی بھرا نہیں تھا۔

ضوفشاں بیگم مزید کچھ کہہ رہی تھیں۔

مہر کان بند کئے مرے مرے قدم اٹھاتی زینے چڑھنے لگی۔

"ایسا توہین آمیز سلوک بھی کوئی روا رکھتا ہے کیا؟"

مہر دروازہ بند کرتی ہوئی بولی۔

ابھی تو اس کی آزمائش کا آغاز ہوا تھا۔

ابھی تو بہت بار ٹوٹنا اور بہت بار جڑنا تھا۔

****/////////****

حرم آئینے کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی جب فون کی رنگ ٹون نے اسے اپنی جانب متوجہ کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عجلت میں بال باندھے، دروازہ لاک کیا اور فون کان سے لگا کر بیٹھ گئی۔

"کب سے فون کر رہا ہوں کہاں تھی تم؟"

ازلان کی خفگی بھری آواز ابھری۔

"وہ میں بال بنا رہی تھی---"

حرم سنبھل کر بولی۔

"ازلان ایک بات بتاؤ تم ہمارے گاؤں کیوں آتے تھے؟"

حرم کافی دنوں سے اسی متعلق سوچ رہی تھی۔

میرے تایا ابو کا گھر ہے تمہارے گاؤں میں لیکن اب نہیں " "آتے ہم---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیوں؟"

بےساختہ حرم کے لبوں سے پھسلا۔

"ہماری بول چال بند ہے۔۔۔"

ازلان بیزاری سے بولا۔

حرم اس کی بات پر ٹھٹھک گئی۔

"تم کیا یہ فضول سی باتیں لے کر بیٹھ گئی ہوں؟"

ازلان اکتا کر بولا۔

"ازلان تم بھی شاہ ہو نہ؟"

"ہاں۔ تم کیوں پوچھ رہی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم خاندان سے باہر شادی نہیں کرتے اس لئے پوچھ رہی "
"تھی---

حرم ہچکچاتی ہوئی بولی۔

ازلان کے چہرے پر دلفریب مسکراہٹ نے احاطہ کر لیا۔

"تمہارے دل میں میرا اکاؤنٹ ہے؟"

ازلان اسے پرکھنے لگا۔

"تمہیں کس نے کہا؟"

حرم گڑبڑا کر بولی۔

"اے بی ایل نے---"

ازلان کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی۔

"مطلب؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم کے چہرے پر الجھن تھی۔

"اے بی ایل والے کہتے ہیں آپ کے دل میں ہمارا اکاؤنٹ۔۔۔"

ازلان لب دبائے مسکراتا ہوا بولا۔

حرم بھی دھیرے سے مسکرانے لگی۔

دماغ حرم کا ابھی تک وہیں اٹکا تھا۔

دروازے پر دستک ہوئی تو حرم بوکھلا گئی۔

بنا کچھ کہے فون رکھ دیا۔

ازلان حیرت سے فون کو دیکھنے لگا۔

"شاید کوئی آ گیا ہو۔۔۔"

ازلان بالوں میں ہاتھ پھیرتا باہر نکل آیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں سوچ رہی ہوں تم آئے ہو تو منگنی کر دیں۔۔۔"

ازلان کو دیکھتے ہی شمائلہ بولنے لگیں۔

"کس خوشی میں؟"

ازلان تیکھے تیور لئے بولا۔

برہان کی شادی کو کتنے سال ہو گئے ہیں اب تمہاری " شادی کر کے فارغ ہوجائیں۔ کب تک انتظار کرتے رہیں "گے؟

وہ ازلان کو دیکھتی ہوئی بولیں۔

امی آپ میری شادی کی ٹینشن مت لیں جب کرنی ہو گی " میں بتا دوں گا۔ کہہ تو آپ ایسے رہیں ہیں جیسے فوج تیار "کر رکھی ہے بچوں کی جلدی جلدی کریں۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بولتے ہوئے نظروں کے سامنے حرم کا سراپا گھوم گیا۔

" یہ کیا بات ہوئی بھلا میں نے باجی کو جواب دینا ہے ندا کے لئے وہ کئی بار پوچھ چکی ہیں---"

وہ خفا خفا سی بولیں۔

" اس موٹی بھینس کے ساتھ؟ اللہ معاف کرے کیوں میری زندگی تباہ کرنا چاہتی ہیں؟ مجھے اس بلڈوزر کے ساتھ باندھنا چاہتی ہیں؟میں نہیں کرنی اس بلو باندری سے---"

ازلان کانوں کو ہاتھ لگاتا منہ بناتا ہوا بولا۔

"ازلان شرم کرو بھانجی ہے وہ میری---"

شمائلہ کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔

"آپ کی ہے میری تو نہیں---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان محظوظ ہوتا ہوا بولا۔

"اچھا پھر مجھے بتاؤ کون سی لڑکی ہے تمہاری نظر میں خاندان میں اس کے علاوہ تو کوئی بھی نہیں ہے---"

وہ ازلان کو دیکھتی ہوئی بولیں۔

"مل جائے گی کوئی بھی دنیا میں لڑکیوں کی کمی ہے یا آپ کے بیٹے کو؟"

ازلان بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔

"اپنے ابو سے کہنا بتائیں گے تمہیں؟"

انہوں نے ڈرانا کرنا چاہا۔

"لو ابو کیا کر لیں گے وہ تو خود میری مانتے ہیں---"

ازلان بائیں آنکھ دباتا ہوا چلنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ازلان کبھی تو سنجیدہ ہو جایا کرو۔۔۔"

وہ خفگی سے دیکھتی ہوئی بولیں۔

"ایسے ہی ٹھیک ہو میں۔۔۔"

ازلان مسکراتا ہوا نظروں سے اوجھل ہو گیا۔

وہ نفی میں سر ہلانے لگیں۔

****////////****

"شاہ ایسے کیسے شاپنگ کریں؟"

مہر سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

ہم لڑکا اور لڑکی دونوں کے لیے کریں گے۔"

لڑکا ہوا تو لڑکے کا سامان استعمال کر لینا اور لڑکی ہوئی تو لڑکی کا۔۔۔"

شاہ مسکراتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر مسکراتی ہوئی اس کے ساتھ چلنے لگی۔

"یہ ٹیڈی کیسا ہے؟"

شاہ مہر کے سامنے بڑا سا ٹیڈی لئے کھڑا تھا۔

" بہت اچھا ہے لیکن شاہ ابھی ہمارا بےبی اتنا چھوٹا ہو گا وہ کیسے اتنے بڑے ٹیڈی سے کھیلے گا؟"

مہر اسے دیکھتی ہوئی تاسف سے بولی۔

"کہہ تو ٹھیک رہی ہو لیکن مجھے بہت پسند آیا ہے۔۔۔"

شاہ ٹیڈی کو دیکھتا ہوا بولا۔

"جب بڑے ہو جائیں گے پھر لے لینا۔۔۔"

مہر نے اسے سمجھانا چاہا۔

شاہ خفگی سے اسے دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسا کرنا تم اسے سنبھال کر رکھ لینا جب ہمارا بےبی بڑا "
"ہو جائے پھر اسے دے دینا۔۔۔

شاہ اس کے قریب آ کر بولا۔

مہر مسکراتی ہوئی نفی میں سر ہلانے لگی۔

اچھا آپ کو اتنا پسند آیا ہے تو لے لیں میں کیا کہہ سکتی "
"ہوں؟

مہر شانے اچکاتی کپڑے دیکھنے لگی۔

"اپنے لیے بھی لے لینا جو پسند آئے۔۔"

شاہ بولتا ہوا آگے چل دیا۔

مہر اس کی پشت دیکھ کر مسکرانے لگی۔

جیسے ہی دونوں گھر میں داخل ہوئے شاہ نے ملازمہ کے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاتھ سب کو بلاوا بھیجا۔

شاہ پرجوش انداز میں ایک ایک چیز سب کو دکھا رہا تھا۔

خوشی اس کے چہرے سے چھلک رہی تھی۔

بابا سائیں اسے دیکھ کر مسکرا رہے تھے جس سے اپنی خوشی سنبھالی نہیں جا رہی تھی۔

"برخوردار یہ بڑے بچوں کے کھلونے اٹھا لائے ہو؟"

کمال صاحب ہنستے ہوئے بولے۔

"بابا سائیں میرا تو دل چاہ رہا تھا سب لے آؤں۔۔۔"

شاہ خوشی سے نہال ہو کر بولا۔

"اللہ نصیب میں کرے۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خوشدلی سے بولے۔

"بھئی وارث ہونا چائیے۔۔۔"

ضوفشاں بیگم مہر پر ایک اچٹتی نظر ڈالتی ہوئی بولیں۔

مہر لب کاٹتی شاہ کو دیکھنے لگی۔

"امی لڑکا ہو یا لڑکی اس میں مہر کا کیا عمل دخل آپ بس دعا کریں کہ نیک اور زندگی والی اولاد ہو۔۔۔"

شاہ انہیں دیکھتا ہوا بولا۔

"مجھے تو وارث چائیے بس بیٹی ہوئی تو اسے وہیں چھوڑ آنا جہاں سے اس کی ماں آئی ہے۔۔۔"

شاہ قہر برساتی نظروں سے انہیں دیکھنے لگا۔

"میرا مطلب ہے لڑکی کی کوئی جگہ نہیں ہمارے گھر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں---

وہ سنبھل کر بولیں۔

بیگم بھولو مت حرم بھی ایک لڑکی ہے اور تم نے پیدا کیا "
"ہے اسے کیا ہم نے اسے باہر پھینکا؟
کمال صاحب برہمی سے بولے۔

ضوفشاں بیگم لب بھینچے حرم کو دیکھنے لگی۔

ساری خوشی پر اوس پڑ چکی تھی۔

کچھ دیر قبل ان کے چہروں پر جو مسکراہٹ تھی اب اس کی جگہ سنجیدگی نے لے لی۔

شاہ ویز نا چاہتے ہوئے بھی مہر کو دیکھ رہا تھا۔

اس نے بار ہا اپنے دل کو سمجھایا لیکن نظر گھوم پھر کر اسی پر ٹھر جاتی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ ہمارا بیٹا ہے جب ہم نے بیٹی کی پیدائش پر ایک لفظ نہیں نکالا تو پھر وہ کیوں اپنی اولاد کو پھینک آئے گا؟"

وہ ضوفشاں بیگم کو دیکھتے افسوس سے بولے۔

بابا سائیں کے بولنے پر شاہ کے چہرے پر کچھ اطمینان دکھائی دیا۔

ماریہ جل بھن کر ایک کونے میں بیٹھی تھی۔

"بھائی میں سوچ رہا تھا کہ ایک بہت بڑی دعوت رکھیں گے چاہے لڑکا ہو یا لڑکی ہو۔۔۔"

شہریار پرجوش سا بولا۔

"لو بھلا لڑکیوں کی پیدائش پر کوئی جشن مناتا ہے؟"

ضوفشاں بیگم منہ بناتی ہوئی بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہم منائیں گے کیوں بھائی؟"

شہریار انہیں نظرانداز کرتا ہوا بولا۔

"ہاں ضرور لیکن یہ دعوت چاچو کی جانب سے ہو گی۔۔۔"

شاہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔

" بس پھر آپ دیکھیے گا یہ چاچو کیسی شاندار دعوت کا اہتمام کرتا ہے۔۔۔"

شہریار اس کے ہاتھ پر ہاتھ مارتا ہوا بولا۔

" بھابھی کتنا مزہ آئے گا نہ ہمارے گھر میں بھی ایک چھوٹو سا بےبی آئے گا۔۔۔"

حرم کو مہر کے ساتھ بیٹھی تھی اس کے کان میں سرگوشی کرنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر مسکراتی ہوئی اثبات میں سر ہلانے لگی۔

شاہ ویز اس سب میں خاموش بیٹھا تھا۔

وہ اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو رہا تھا۔

مہر کو شاہ کے ہمراہ دیکھنا اسے گوارا نہیں تھا۔

"مہر تمہیں میرے پاس آنا ہو گا کسی بھی صورت میں۔۔۔"

شاہ ویز مہر کو دیکھتا ہوا سوچ رہا تھا۔

حرم ملازمہ سے کہ کر سارا سامان سمیٹ دو پھر کمرے "
"میں بھیج دینا۔۔۔

شاہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

بھائی ملازمہ کو کیوں میں اپنے ہاتھ سے سب سمیٹوں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گی---

حرم مسرور سی بولی۔

شاہ مسکراتا ہوا مہر کو دیکھنے لگا۔

مہر کھڑی ہوئی شاہ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور چلنے لگا۔

"شاہ کیا سب آپ کی بات مان لیں گے؟"

مہر ضوفشاں بیگم کے رویے کے باعث پریشان تھی۔

شاہ اس بات سے انجان تھا کہ اس کی غیرموجودگی میں مہر کو کیا کیا سننے کو ملتا ہے۔

تم نے دیکھا بابا سائیں کے ہوتے ہوئے مجھے بولنے کی " ضرورت پیش نہیں آتی۔ میں گھر کا لاڈلا ہوں خاص کر بابا سائیں کا۔ اس لئے جو بات سب کو سمجھانی ہو میں بابا سائیں کو سمجھا دیتا ہوں باقی وہ سنبھال لیتے ہیں---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ زینے چڑھتا بول رہا تھا۔

"شاہ اگر بیٹی ہوئی؟"

مہر کمرے میں آتی فکرمندی سے بولی۔

"بیٹی ہوئی تو کیا؟"

شاہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

" کیا میں نے لڑکی کے لئے چیزیں نہیں خریدیں؟ اپنے دماغ سے یہ خیال نکال دو کہ میں بیٹی ہونے پر ناخوش ہوں گا۔ "بیٹا ہو یا بیٹی میری خوشی میں کوئی کمی نہیں آئے گی---

شاہ اس کے سر پر چت لگاتا ہوا بولا۔

"شاہ ایک بات بتائیں؟"

مہر جھجھکتے ہوئے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہاں پوچھو؟"

شاہ اس کے ساتھ بیٹھتا ہوا بولا۔

"آپ اتنے اچھے ہیں نماز پڑھتے ہیں اور بھی دوسری باتوں کا خیال رکھتے ہیں تو پھر کوٹھے پر کیوں آتے تھے؟"

مہر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

شاہ سانس خارج کرتا اسے دیکھنے لگا۔

"یونہی غصہ نکالنا چاہتا تھا۔۔۔"

وہ شانے اچکاتا ہوا بولا۔

"مطلب؟"

مہر الجھ کر اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جان بوجھ کر جاتا تھا وہاں۔ کسی کی بیوفائی کے باعث۔۔۔"

شاہ کے چہرے پر صدیوں کا کرب دکھائی دے رہا تھا۔

"لیکن اس سب کا کوٹھے سے کیا تعلق؟"

مہر ناسمجھی سے بولی۔

وجہ جاننے سے میں بھی قاصر ہوں۔ وہ بری جگہ تھی " اسی لیے وہاں جاتا تھا ناراض تھا خود سے اس لئے غلط کام "کرنا چاہتا تھا۔۔۔

آہستہ آہستہ شاہ ماضی کی گرہیں کھول رہا تھا۔

مہر خاموش اسے سن رہی تھی۔

میری بیوی شفا۔ ہماری پسند کی شادی تھی ایک ساتھ " پڑھتے تھے ایک ساتھ جوان ہوئے۔ میری خالہ کی بیٹی "تھی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر انہماک سے اسے سن رہی تھی۔

شاہ کی آنکھیں برسنے لگیں تھیں۔

"معلوم نہیں کیا ہوا وہ مجھے دھوکہ دینے لگی اور میں اس بات سے انجان تھا۔ سب سہی چل رہا تھا ہماری شادی کو ایک سال ہونے کو تھا پتہ نہیں ایسی کیا بات ہوئی جو اس نے مجھ سے بے وفائی کی۔

جب مجھے معلوم ہوا تو میں شہر جا رہا تھا اسے ساتھ لے کر لیکن ہماری گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اس کے ساتھ ساتھ ہمارا بچہ بھی مر گیا۔اچھا ہوا وہ مر گئی ورنہ شاید میں اسے مار دیتا۔۔۔"

شاہ کے لہجے میں چٹانوں کی سی سختی تھی۔

شاہ نے چہرہ صاف کیا اور مہر کو دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی باعث میں کوٹھے پر جاتا تھا۔نجانے وہ کب سے "
"مجھے بیوقوف بنا رہی تھی اور میں بنتا جا رہا تھا۔۔۔

شاہ تلخی سے مسکرایا۔

"شاہ آپ۔۔۔"

مہر نے بولتے ہوئے اس کے ہاتھ تھام لیے۔

"میں ٹھیک ہوں مہر۔۔۔"

شاہ اس کی بات مکمل ہونے سے قبل بول پڑا۔

مہر نے نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے سر شاہ کے شانے پر رکھ دیا۔

شاہ نے آنکھیں بند کر لیں۔

ماضی کسی فلم کی مانند اس کے سامنے چل رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کرب ناک پل پھر سے دکھائی دینے لگے تھے۔

وہ اذیت ناک یادیں آج پھر سے شاہ کے سامنے آن کھڑی ہوئیں تھیں۔

****///////****

"شاہ ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

مہر آئینے کے سامنے سے ہٹتی اس کے مقابل آ گئی۔

پھوپھو کی طرف جانا ہے۔ان کے بیٹے کی مہندی ہے "
"آج---

وہ شانے پر چادر رکھتا ہوا بولا۔

مہر اثبات میں سر ہلانے لگی۔

مہندی کلر کا لباس زیب تن کئے، بھورے بالوں کی چڑیا بنائے، ماتھا پٹی لگائے، پنکھڑی مانند ہونٹوں کو پنک کلر کی لپ اسٹک سے پوشیدہ کئے وہ دلنشیں لگ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ چند لمحے بنا پلک جھپکے اسے دیکھتا رہا۔

"کیا ہوا؟"

مہر پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔

" اتنی پیاری لگ رہی ہو میرا جانے کو دل ہی نہیں کر رہا۔۔۔"

شاہ اس کے گرد بازو حمائل کر کے اپنے قریب کرتا ہوا بولا۔

مہر کے چہرے پر حیا کے رنگ بکھر گئے۔

" دن بہ دن تم خوبصورت ہوتی جا رہی ہو یا مجھے ایسا گمان ہو رہا ہے؟"

شاہ اس کے کان میں سرگوشی کرنے لگا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے کیسے معلوم ہو سکتا ہے؟"

مہر اس کی گرفت میں کسمسائی۔

شاہ کے لب مسکرانے لگے۔

اس سے قبل کہ شاہ بولتا دروازے پر دستک سنائی دی۔

"تھوڑی دیر بھی سکون سے نہیں رہنے دیتے---"

شاہ منہ بناتا دروازے کی جانب چلنے لگا۔

"بھائی امی کہہ رہی ہیں آ جائیں دیر ہو رہی ہے---"

شاہ ویز اندر جھانکتا ہوا بولا۔

"تم چلو میں مہر کو لے کر آتا ہوں---"

شاہ مسکراتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ ویز سر ہلاتا مایوسی سے چلا گیا۔

"آؤ چلیں ورنہ سارے گھر والے آ جائیں گے۔۔۔"

شاہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔

مہر بیگ اٹھا کر اس کے ہمراہ چلنے لگی۔

شاہ ویز کی نظریں مہر کے گرد گردش کر رہی تھیں۔

مہر کو لے کر چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں لیکن شاہ کے باعث سب کی آواز مدھم تھی۔

مہر کی خوبصورتی کے چرچے پورے فنکشن میں ہو رہے تھے۔

ایسے میں ماریہ تلملا کر مہر کو دیکھ رہی تھی۔

حرم اپنی آستین سے دوپٹہ آزاد کروانے کی سعی کرتی چل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہی تھی جب وہ سامنے سے آتے نفس سے ٹکرا گئی۔

حرم منہ کھولے اس انسان کو دیکھنے لگی۔

ازلان مسکراتا ہوا اسے دیکھ رہا تھا۔

حرم پلکیں جھپکاتی اسے دیکھ رہی تھی۔

حرم کو اپنی بینائی پر شبہ ہوا۔

ازلان دونوں آبرو اچکا کر اسے دیکھنے لگا۔

حرم نفی میں سر ہلانے لگی۔

ہوا سے حرم کے بال منتشر ہو رہے تھے۔

جگہ کا خیال آیا تو سر جھکاتی آگے چل دی۔

ازلان خوشگوار حیرت میں مبتلا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"حرم یہاں کیسے؟"

وہ سوچتا ہوا حرم کو دیکھنے لگا جو دوپٹہ کی جانب اشارہ کرتی کسی سے بات کر رہی تھی۔

"ایک منٹ حرم۔۔۔"

ازلان دماغ پر زور دیتا زیر لب دہرانے لگا۔

"اوہ مائی گاڈ کہیں یہ تایا ابو کی بیٹی حرم تو نہیں؟"

ازلان منہ پر ہاتھ رکھے حرم کو دیکھنے لگا۔

حرم ترچھی نظروں سے ازلان کو دیکھ رہی تھی۔

ازلان کو اپنے سامنے دیکھ کر وہ ابھی تک بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بھابھی یہ کڑھائی سے الگ ہی نہیں ہو رہا۔۔۔"

حرم بےبسی سے بولی۔

"دکھاؤ میں کر دیتی ہوں۔۔۔"

مہر اس کی بازو پکڑتی ہوئی بولی۔

مہر کی نظریں اس کی آستین پر تھیں اور حرم کو موقع مل گیا ازلان کو دیکھنے کا۔

ازلان ابھی تک حرم کو ہی دیکھ رہا تھا۔

حرم نے اس کی جانب رخ موڑ تو ازلان کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئی۔

نجانے ایسا کیا تھا اس ایک مسکراہٹ میں؟

حرم کو لگا زندگی کی بشارت سنا دی گئی ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موت کے پاس لے جا کر پھر سے نئی زندگی بخش دی گئی ہو۔

اس چہرے کو دیکھنے کے لیے اسکی آنکھیں ترس رہیں تھیں۔

آنکھوں کی پیاس بجھ گئی۔

وہ دونوں ایک ہی صحرا کے مسافر تھے اور ایک دوسرے کو دیکھ کر اپنی آنکھوں کو سیراب کر رہے تھے۔

حرم نے جھجھکتے ہوئے چہرہ جھکا لیا۔

چہرے پر ڈھیروں رنگ بکھر گئے تھے۔

ازلان نفی میں سر ہلاتا مسکرانے لگا۔

"اس معصوم بلی کو تو قابو کرنا پڑے گا۔۔۔"

ازلان لب دبائے حرم کو دیکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ازلان یہاں کیسے؟"

حرم سوچتی ہوئی چلنے لگی۔

"امی وہ لڑکا کون ہے؟"

حرم معصومیت سے ازلان کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی جو سٹیج پر کھڑا قہقہے لگا رہا تھا۔

ہائے ہائے بے شرم کیسے ماں سے لڑکے کا پوچھ رہی ہے " "شرم نہیں آتی تجھے؟

ضوفشاں بیگم حرم کی کمر پر دھپ لگاتی ہوئ بولیں۔

نہیں میرا مطلب بھائی کے ولیمے میں تو دکھائی نہیں " "دیا۔۔۔

حرم کی نگاہیں ازلان کو حصار میں لئے ہوئے تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیوں؟ تو ہر مرد کو دیکھتی ہے جو تجھے دکھائی نہیں دیا؟"

وہ کڑے تیور لئے بولیں۔

"امی آپ نہ کہاں سے کہاں لے جاتی ہیں دیکھیں ذرا کیسے سب کے ساتھ فری ہو رہا ہے میں تو اسی لئے پوچھ رہی تھی---"

حرم منہ بناتی ہوئی بولی۔

"اگر یاد ہو تو یہ تمہارے چچا کا بیٹا ہے جن سے ہم بات نہیں کرتے۔ اتنے سالوں سے کوئی شادی نہیں آئی اس لئے پہلی بار دیکھ رہی ہے اسے---"

وہ ہنکار بھرتی ہوئی بولیں۔

حرم کا حلق خشک ہو گیا۔

دل آیا بھی تو کہاں جہاں سے تمام مراسم ترک تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"امی یہ ازلان چچا کا بیٹا ہے؟"

حرم ششدر سی بولی۔

" میں نے کون سا انگریزی میں بولا تھا جو سمجھ نہیں آیا تو بھول گئی ہے جب چھوٹی تھی ازلان کے ساتھ کھیلتی تھی اور وہ جو بڑا برہان ہے اس کے ساتھ بھی بہت پیار تھا۔۔۔"

وہ حسرت سے بولیں۔

"پھر کیوں رشتہ توڑ لیا؟"

حرم تجسس سے بولی۔

" جائیداد پر تنازعہ ہوا تھا کوئی پھر شاہ نے بولا ان سے کوئی تعلق نہیں رکھنا تو کمال صاحب نے ختم کر دیا۔۔۔"

وہ تاسف سے بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مصطفی بھائی نے؟"

حرم نے خوفزدہ ہو کر زیر لب دہرایا۔

"ہاں۔ اب تو جوان ہو گیا ہے تیری ہی عمر کا ہے۔۔۔"

وہ ازلان کو دیکھتی ہوئیں بولیں۔

حرم رونے والی شکل بنائے ازلان کو دیکھنے لگی۔

"کیا بنے گا ہمارا؟"

حرم منہ میں بڑبڑائی۔

"کیا بولے جا رہی ہے منہ میں؟"

وہ حرم کے سر پر چت لگاتی ہوئیں بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم سر مسلتی انہیں دیکھنے لگی۔

"وہ بھابھی کہاں ہے تیری؟"

لہجے میں حقارت، چہرے ہر ناگواری۔

"بھابھی واش روم گئی ہیں---"

حرم فون پر انگلیاں چلاتی ہوئی بولی۔

واش روم تو بہانہ ہے کسی کے پیچھے گئی ہو گی میں شاہ "
"کو بولتی ہوں نظر رکھے اس پر---

وہ بولتی ہوئی کھڑی ہو گئیں۔

"بھابھی؟"

شاہ ویز کی آواز پر مہر نے چہرہ موڑا۔

"جی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

شاہ ویز نے پہلی مرتبہ اسے مخاطب کیا تھا۔

شاہ ویز ہاتھ مسلتا اسے دیکھنے لگا۔

گہری بھوری آنکھیں جن میں ڈوب جانے کو دل چاہے، اس پر گھنی پلکوں کی باڑ، روشن چہرہ گلابی لب۔

شاہ ویز اس کے ایک ایک نقش کو دیکھ رہا تھا۔

"کوئی کام تھا آپ کو؟"

مہر اس کی نظروں سے پزل ہو رہی تھی۔

شاہ ویز ٹکٹکی باندھے اسے دیکھ رہا تھا۔

"بھائی بلا رہے تھے آپ کو۔۔۔"

شاہ ویز سنبھل کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر اثبات میں سر ہلاتی چلنے لگی۔

ایک عرصہ وہ مردوں کی حوس پرست نگاہوں کو جھیلتی آئی تھی شاہ ویز کی نظروں کا مفہوم کیسے نہ سمجھتی۔

دل کی کیفیت عجیب ہو رہی تھی۔

کسی انہونی کی صدا سنائی دے رہی تھی۔

"شاہ مجھے گھر لے جائیں۔۔۔"

مہر شاہ کے پاس آتی ہوئی بولی جو ضوفشاں بیگم کے ہمراہ کھڑا تھا۔

"کیا ہوا تم ٹھیک ہو؟"

شاہ فکرمندی سے اس کی جانب متوجہ ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"طبیعت عجیب ہو رہی ہے گھٹن ہو رہی ہے یہاں مجھے گھر لے جائیں---"

مہر کا چہرہ اترا ہوا تھا۔

"نخرے دیکھو ذرا! ابھی تو آئے ہیں اور تمہیں واپس لے جائیں---"

ضوفشاں بیگم خفگی سے بولیں۔

مہر شاہ کو دیکھنے لگی۔

"امی کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ آپ جانتی نہیں مہر کی طبیعت ٹھیک نہیں رہتی پھر بھی؟ حد ہے---"

وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

"بس بیوی کے سامنے ماں کو جھڑکنا یہی رہ گیا تھا---"

وہ منہ بناتی چل دیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم امی کی باتوں پر دھیان مت دیا کرو۔۔۔"

شاہ اس کے ہاتھ تھامتا ہوا بولا۔

مہر نے مسکرانے کی سعی کی لیکن مسکرا نہ سکی۔

"میں پھوپھو سے مل کر آتا ہوں پھر چلتے ہیں۔۔۔"

شاہ اس کے ہاتھ پر زور دیتا ہوا بولا۔

مہر اثبات میں سر ہلانے لگی۔

"حرم جلدی سے اندر الیاس بھائی کے کمرے میں آؤ۔۔۔"

حرم ازلان کا میسج پڑھ کر شش و پنج میں مبتلا ہو گئی۔

"اگر کسی نے دیکھ لیا پھر؟"

وہ انگلی دانتوں تلے دبائے سوچنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دل ملنے پر مجبور کر رہا تھا جبکہ دماغ تاویلیں دے کر خاموش کروا رہا تھا۔

کچھ سوچ کر حرم کھڑی ہو گئی۔

ماریہ اپنی امی کے ساتھ تھی۔

سب رسم میں مصروف تھے۔ شاہ اور مہر بھی دکھائی نہ دے رہے تھے۔

حرم نے موقع کو غنیمت جانا اور دبے پیر اندر کی جانب چلنے لگی۔

ہاتھ کپکپا رہے تھے لیکن پھر بھی وہ کمرے میں آ گئی۔

سامنے ازلان کا مسکراتا چہرہ دکھائی دیا۔

"اتنی عجلت میں کیوں بلایا مجھے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم آہستہ آہستہ بول رہی تھی۔

"تم مجھ سے بات کر رہی ہو؟"

ازلان اس کی جانب جھکتا ہوا بولا۔

ظاہر ہے۔تمہارے علاوہ یہاں کون ہے جس سے کروں " "گی؟

حرم پیچھے ہوتی ہوئی بولی۔

تو پھر اونچا بولو ذرا ایسا لگ رہا ہے اپنے آپ سے باتیں " "کر رہی---

ازلان خفگی سے دیکھتا اس کی جانب بڑھنے لگا۔

"می میں کہ رہی تھی کیوں بلایا ہے مجھے؟"

حرم اس کے قریب آنے سے گھبرا رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے سوچا ایک تفصیلی ملاقات ہو جائے اپنی کزن "
"سے---

ازلان اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

"ازلان میرا ہاتھ چھوڑ دو کوئی آ جائے گا---"

حرم لب کاٹتی گھبراتی ہوئی بولی۔

اچھا ہاتھ پکڑنے پر ڈر لگ رہا ہے میرے ساتھ اس کمرے "
"میں ہو اس بات سے ڈر نہیں لگ رہا؟

ازلان لب دبائے مسکرا رہا تھا۔

"تم پہلے سے جانتے تھے؟"

حرم اپنا ہاتھ چھڑواتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں مجھ پر آج ہی آشکار ہوئی یہ حقیقت کہ میں تمہارے "
"ہی گھر آتا تھا۔۔۔

ازلان محظوظ ہوتا ہوا بولا۔

"اچھا! مجھے بھی آج ہی معلوم ہوا۔۔۔"

حرم تاسف سے بولی۔

"مجھے پتہ کیا لگ رہا ہے؟"

ازلان منہ پر انگلی رکھتا ہوا بولا۔

"کیا؟"

حرم کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں۔

ہاتھ ابھی تک اس کے ہاتھ میں تھا۔

یہ دو خاندانوں کی لڑائی میں ہمارا رشتہ قربان ہو جائے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گا۔۔۔

ازلان کہہ کر اسے دیکھنے لگا۔

حرم کے چہرے کے تاثرات بدلے لگے تجسس کی جگہ افسردگی نے لے لی۔

"اچھا اب میں جاؤ؟"

حرم چہرہ جھکا کر بولی۔

"ایسے کیسے جاؤں؟"

ازلان اسے اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا۔

"پھر کیسے جاؤں؟"

حرم کی آنکھیں پھیل گئیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے چاول دے کر جاؤ۔۔"

ازلان شرارت سے بولا۔

"کون سے چاول؟"

حرم پریشانی گویا ہوئی۔

"اپنے بھائی کے ولیمے کے۔۔۔"

ازلان خفا خفا سا بولا۔

"ازلان میں اتنے پرانے چاول کہاں سے لاؤں؟"

حرم صدمے سے بولی۔

ازلان لب دبائے مسکرا رہا تھا۔

"یہ تمہارا مسئلہ ہے۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شانے اچکاتا ہوا بولا۔

حرم پریشانی سے کبھی ازلان کو دیکھتی تو کبھی دروازے کو۔

"ازلان جانے دو نہ؟"

حرم التجائیہ انداز میں بولی۔

"ایسے تو نہیں جانے دوں گا۔۔۔"

ازلان لطف لیتا ہوا بولا۔

حرم منہ بناتی اپنا ہاتھ آزاد کروانے لگی۔

" پتہ ہے تمہارے آنے سے قبل میں کمرہ دیکھ رہا تھا بجلی کی ایک تار نظر آئی مجھے اس کے اوپر بلیک تار جو ہوتی ہے نہ وہ نہیں ہے میں سوچ رہا ہوں۔۔۔"

ازلان کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا۔

" امی جی! تم مجھے کرنٹ لگانے والے ہو؟ ہائے اسی لئے مجھے بلایا؟ ازلان ایک چاول نہ دینے کے بدلے تم مجھے کرنٹ لگا دو گے؟"

حرم نان سٹاپ صدمے کی کیفیت میں شروع ہو گئی۔

ازلان نے دوسرا ہاتھ اس کے نازک لبوں پر رکھ دیا۔

حرم پوری آنکھیں کھولے اسے دیکھنے لگی۔

" تم ہمیشہ سے پاگل تھی یا مجھ سے ملنے کے بعد ہوئی ہو؟"

ازلان اس کے قریب ہوتا ہوا بولا۔

تحیر کی جگہ خفگی نے لے لی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دل تو نہیں کر رہا کہ تم جاؤ۔۔۔"

ازلان کی آنکھوں میں ڈھیروں جذبے سنٹ آئے۔

حرم کی آنکھوں میں التجا تھا۔

ازلان مزید اسے تنگ نہیں کرنا چاہتا تھا۔

اس کا ہاتھ آزاد کیا اور منہ سے ہاتھ ہٹا کر فاصلے بڑھا گیا۔

"منہ پر ہاتھ رکھا تھا کیسے بولتی میں؟"

حرم ناراض سی بولتی باہر نکل گئی۔

ازلان بالوں میں ہاتھ پھیرتا مسکرانے لگا۔

"کچھ کچھ ہوتا ہے؟"

ازلان گنگنا ہوا باہر نکل آیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر منہ دھو کر سنگھار میز کے سامنے کھڑی تھی جب عقب میں شاہ نمودار ہوا۔

"مہر کسی نے کچھ کہا ہے تمہیں؟"

شاہ بغور اس کا جائزہ لیتا ہوا بولا۔

"نہیں شاہ۔ آپ کیوں پوچھ رہے ہیں؟"

مہر چوری پکڑے جانے کے ڈر سے نظریں ملانے سے اجتناب برت رہی تھی۔

"یہاں دیکھو؟"

شاہ مہر کو دونوں شانوں سے تھام کر اپنی جانب رخ موڑتا ہوا بولا۔

مہر کی نظریں جھکی ہوئیں تھیں۔

"مہر میں کچھ پوچھ رہا ہوں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ خفگی سے بولا۔

"کچھ نہیں شاہ بس ایسے ہی---"

مہر نے اداسی سے کہتے ہوئے سر اس کے سینے پر رکھ دیا۔

" مہر میرا بس چلے نہ تو سب کے منہ توڑ دوں۔ ایک لفظ بھی نہ بولنے دوں جو تمہارا دل دکھاتے ہیں---"

شاہ تاسف سے بول رہا تھا۔

" نہیں شاہ۔ آپ اپنے فرض میں کوتاہی نہیں کر رہے۔ آپ جتنا میری خاطر سب سے لڑ رہے ہیں مجھے یقین نہیں آتا قسمت اس طرح مجھ پر مہربان ہو رہی ہے---"

مہر کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں چاہتا ہوں تم خوش رہو۔ تمہیں وہ ہر خوشی دوں جس سے تم محروم رہی جو تمہارا حق ہے۔ پتہ ہے ڈاکٹر بتا رہی تھیں کہ تمہارا زیادہ سے زیادہ خیال رکھوں۔ تم دن بہ دن کمزور ہوتی جا رہی ہو۔ کس بات کی ٹینشن لیتی ہو بتاؤ مجھے؟"

شاہ اسے اپنے سامنے کرتا ہوا بولا۔

مہر کی آنکھیں چھلکنے کو بےتاب تھیں۔

"کچھ نہیں بس ایسے ہی---"

مہر نے اسے ٹالنا چاہا۔

"ایک بات میں تمہیں بتا دوں مہر ساری دنیا بھی تمہارے خلاف ہو جائے گی نہ تو تم شاہ کو اپنے ہمراہ پاؤ گی چاہے کچھ بھی ہو جائے---"

شاہ کا لہجہ پر اعتماد تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر دھیرے سے مسکرانے لگی۔

"میں جانتی ہوں---"

مہر ہولے سے بولی۔

"بس پھر دوبارہ ٹینشن نہیں لینی کسی بھی بات کی---"

شاہ اس کا رخسار تھپتھپاتا ہوا بولا۔

مہر اثبات میں سر ہلاتی بیڈ کی جانب چلنے لگی۔

*****////////*****

"میں نہیں جاؤں گی اس بے غیرت کے کمرے میں----"

سنبل اپنا ہاتھ چھڑواتی ہوئی چلائی۔

بانی نے ایک زوردار تھپڑ اس کے گال کی زینت بنا دیا۔

سنبل منہ پر ہاتھ رکھے بانی کو دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پیسے لینے ہیں نہ تو پھر جیسے کہ رہی ہوں ویسے کر---"

بانی اس کے بال دبوچتی ہوئی بولی۔

"ٹھیک ہے پہلے مجھے پیسے دو پھر میں جاؤں گی---"

سنبل کو جب کوئی فرار کی راہ دکھائی نہ دی تو ہتھیار ڈال دئیے۔

"پیسے کیا کرے گی تو یہیں پر رہنا ہے نہ تو جو چاہیے بتا مل جائے گا---"

بانی پیچھے ہوتی ہوئی بولی۔

وہ آنکھوں میں نمی لئے بانی کو دیکھنے لگی۔

"اللہ پوچھے گا تم لوگوں کو---"

وہ کہتی ہوئی بانی کے ہمراہ چل دی۔

بانی کے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

****///////*****

"کون ہے یہ لڑکی؟"

عافیہ فون سامنے کئے حلق کے بل چلائی۔

"کوئی نہیں ہے فضول میں اپنا دماغ مت چلایا کرو۔۔۔"

برہان اس کے ہاتھ سے فون کھینچتا ہوا بولا۔

" میں فضول میں دماغ نہ چلایا کرو تو تم بھی فضول میں ہاتھ مت مارا کرو۔۔۔"

وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"کسی دن بہت بری مار کھاؤ گی تم۔۔۔"

برہان خطرناک تیور لئے آگے بڑھا۔

"اس سے زیادہ کیا برا کرو گے تم؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عافیہ اپنی بازو آگے کرتی ہوئی چلائی جہاں برہان نے گرم چمٹا داغا تھا۔

" اپنی سلامتی چاہتی ہو نہ تو اپنے کام سے کام رکھا کرو میرے معاملات میں مداخلت کی تو اس سے بدتر سلوک کروں گا۔۔۔"

برہان اس کا منہ دبوچتا ہوا بولا۔

" نہیں ڈرتی میں تمہاری دھمکیوں سے کیونکہ جتنا برا تم کر چکے ہو اس سے زیادہ برا نہیں کر سکتے۔۔۔"

عافیہ اس کا ہاتھ جھٹکتی ہوئی بولی۔

" دفعہ ہو جاؤ میری نظروں سے اپنی شکل مت دکھانا مجھے دوبارہ۔۔۔"

برہان اسے دھکا دیتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں تاکہ تم باہر جا کر لڑکیوں کے ساتھ چکر چلا سکو بس "
"یہی کام آتا ہے نہ تمہیں؟

عافیہ اس کے مقابل آتی ہوئی بولی۔

برہان دانت پیستا اسے دیکھنے لگا۔

شرم نہیں آتی تمہیں دوسری لڑکیوں کے ساتھ رات گزارتے "
ہو اور لوگ مجھے طعنے دیتے ہیں کہ میری اولاد نہیں
"ہوتی مجھ میں ہی کمی ہو گی تبھی ہماری اولاد نہیں---

عافیہ روتی ہوئی بول رہی تھی۔

تم سے رشتہ ازدواج ہی نہیں رکھنا چاہتا تو پھر اولاد کا "
"طوق اپنے گلے میں کیوں ڈالوں میں؟
برہان سفاکی سے بولا۔

برہان آٹھ سال ہو گئے ہیں ہماری شادی کو اور آج بھی "
"تمہارا وہی حال ہے جو اول روز تھا---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عافیہ تاسف سے بولیں۔

کھانے کو پہننے کو مل رہا ہے نہ پھر کیا تکلیف ہے " تمہیں؟ مجھے میری زندگی اپنے طریقے سے گزارنی ہے آئیندہ اگر میرا فون چیک کیا یا مجھ سے پوچھ گچھ کرنے کی سعی کی تو اسی وقت فارغ کر دوں گا۔۔۔"

برہان زہر اگلتا باہر نکل گیا۔

"ایسی زندگی سے تو بہتر ہے تم مجھے طلاق ہی دے دو۔۔۔"

عافیہ سسکتی ہوئی زمین پر بیٹھ گئی۔

*****////////*****

"شاہ نہیں آیا؟"

وہ حیرت سے بولیں۔

" نہیں۔مہر کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اس لئے وہ بھی گھر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"رک گیا۔۔۔

ضوفشاں بیگم سرد مہری سے بولیں۔

بھئی آج کل کی لڑکیاں تو شوہر کو اپنے پیچھے لگا لیتی "
"ہیں۔ اور یہ مہر تو ہے بھی باہر کی نہ؟

وہ ششدر سی بولیں۔

"ہاں باہر کی ہے۔میں ذرا بھابھی سے مل کر آئی۔۔۔"

ضوفشاں بیگم بہانہ بناتی چل دیں۔

حرم لب دبائے گرد و نواح میں نظر دوڑا رہی تھی۔

"کہاں چھپ کر بیٹھے ہو؟"

حرم دانتوں تلے انگلی دباتی ہوئی بولی۔

بلآخر نظر اس ہمنشین سے مل ہی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیاہ پینٹ کوٹ میں ملبوس وہ معمول سے زیادہ ہینڈسم لگ رہا تھا۔

ازلان بالوں میں ہاتھ پھیرتا مسکرا رہا تھا۔

حرم بنا پلک جھپکے اسے دیکھ رہی تھی مانو اگر پلک جھپک لی تو وہ غائب ہو جائے گا۔

ازلان نے نگاہوں کا زاویہ موڑا تو نظروں کا تبادلہ ہوا۔

حرم مہرون کلر کا لباس زیب تن کئے ہوئے تھی لائٹ سا میک اپ اسے دلکش بنا رہا تھا۔ وہ ذرا سا میک اپ کرتی اور مانو اس کی شکل ہی بدل جاتی۔

ازلان لب دبائے اپنی معصوم بلی کو دیکھ رہا تھا۔

کچھ سوچ کر وہ حرم کی جانب چلنے لگا۔

حرم گڑبڑا کر دائیں بائیں دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب رسم میں موجود تھے۔

کسی کو کسی کی خبر نہ تھی۔

حرم ایک کونے میں سب کی نظر سے بچ کر کھڑی تھی۔

"بھینس دکھاؤں تمہیں سچی مچی والی؟"

ازلان چلتا ہوا اس کے دائیں جانب آ رکا۔

حرم کا چہرہ سٹیج کی جانب تھا جبکہ ازلان کا چہرہ دروازے کی سمت تھا۔

"سچی مچی کا کیا مطلب؟ جو گاؤں میں دکھائی دیتیں وہ بھینس نہیں؟"

حرم آبرو اچکا کر اسے دیکھنے لگی۔

"نہیں نہ تمہیں اصلی والی بھینس دکھاتا ہوں۔ وہ دیکھو سامنے جو کھڑی ہے طوطا بن کر۔ پیرٹ کلر میں---"

ازلان انگلی سے سامنے ندا کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے حرم مسکرانے لگی پھر خفگی سے اسے دیکھنے لگی۔

"پتہ ہے میرے سامنے دو امیدوار تھے؟ بھینس یا مرغی میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا تھا۔۔۔"

ازلان شریر لہجے میں بولا۔

"پھر تم نے کس کا کیا؟"

حرم بےصبری سے بولی۔

"بھینس سے کرتا تو پھر میرا اللہ ہی حافظ ہونا تھا اس لئے میں نے مرغی کا انتخاب کیا۔۔۔"

ازلان دو قدم آگے پھر دو قدم پیچھے اٹھاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم چہرہ جھکائے مسکرانے لگی۔

"بہت خوشی ہو رہی ہے مرغی بن کر؟"

ازلان بغور اس کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

"نہیں تو میں تو ویسے ہی ہنس رہی تھی---"

حرم سنبھل کر بولی۔

"ہاں مجھے سب معلوم ہے تم جو ویسے ہی ہنستی ہو نہ---"

ازلان آگے کو ہوتا گھور کر بولا۔

"ازلان سب کھڑے ہیں---"

حرم اس کے سینے پر ہاتھ رکھتی دور کرتی ہوئی بولی۔

تمہیں کھیر کھلا کھلا کر دیکھنا ندا جیسی بھینس بنا دوں "
"گا---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان منہ بناتا ہوا چل دیا۔

حرم اس کے تبصرے پر مسکرانے لگی۔

"اکیلی کیوں مسکرا رہی ہو؟"

ماریہ جانچتی نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

حرم کا اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا۔

"نہیں مجھے یونی کی کوئی بات یاد آ گئی تھی۔۔۔"

حرم خود کو نارمل کرنے کی سعی کرنے لگی جس میں وہ بری طرح ناکام ہو رہی تھی۔

"اچھا مجھے تو کچھ اور ہی لگتا ہے۔۔۔"

ماریہ منہ بناتی اس کے ہمراہ کھڑی ہو گئی۔

ازلان کچھ مسافت پر کھڑا حرم کو دیکھ رہا تھا لیکن ماریہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو دیکھ کر چہرے پر ناگواری در آئی۔

"بندہ پوچھے اپنے شوق پورے کر لئے ہیں اب ہمیں تو کرنے دو۔۔۔"

ازلان جل بھن کر دوسری جانب دیکھنے لگا۔

مہر دوائی لے کر سو چکی تھی لیکن اس کی آنکھ کھل گئی۔

چہرہ موڑ کر دیکھا تو شاہ پہلو میں سو رہا تھا۔

نیم تاریکی میں بھی شاہ کے چہرے پر چھایا سکون دکھائی دے رہا تھا۔

مہر نے فون اٹھایا اور ٹائم دیکھنے لگی۔

"ابھی تو گیارہ بجے ہیں کیا کروں گی ساری رات۔۔۔"

مہر فکرمندی سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ بھی سو گئے ہیں---"

مہر تاسف سے بولتی بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔

کافی دیر گزر گئی۔

مہر کے چہرے پر بیزاری تھی۔

"شاہ؟"

مہر اس کا بازو ہلاتی ہوئی بولی۔

شاہ نے فوراً آنکھیں کھول دیں۔

"کیا ہوا؟"

شاہ اسے دیکھتا ہوا اٹھ بیٹھا۔

"ہوا کچھ نہیں ہے دراصل مجھے----"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر رک کر اسے دیکھنے لگی۔

شاہ جمائی روکتا بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا۔

"بولو بھی؟"

مہر کو خاموش پا کر شاہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔

"شاہ مجھے گول گپے کھانے ہیں؟"

مہر افسردگی سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"ابھی؟"

شاہ آبرو اچکا کر بولا۔

مہر لب کاٹتی اثبات میں سر ہلانے لگی۔

شاہ لمحہ بھر کو رکا پھر لحاف پرے کرتا بیڈ سے اتر گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آؤ چلتے ہیں---"

شاہ اس کی جانب نرم مسکراہٹ اچھالتا ہوا بولا۔

"لیکن میں نے آپ کی نیند خراب کر دی---"

مہر تاسف سے بولی۔

"جب تم دونوں جاگ رہے ہو تو میں سو کر کیا کروں گا؟"

شاہ اس کی ناک دباتا ہوا بولا۔

مہر مسکراتی ہوئی سلیپر پہننے لگی۔

شاہ نے لائٹ آن کر دی اور خود واش روم کا رخ کیا۔

fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر آنکھیں کھول کر اسے دیکھنے لگی۔

مہر اگر تمہیں یاد ہو تو میں نے کہا تھا کہ ساری دنیا بھی " تمہارے خلاف ہو جائے گی نہ تب بھی شاہ کو تم اپنے ہمراہ "پاؤ گی---

شاہ اس کے دونوں ہاتھ تھامے گرمائش منتقل کرتا ہوا بول رہا تھا۔

وہ برف کو پگھلا رہا تھا۔

مجھے ایسا ساتھ نہیں چاہئیے آپ نے سب کے سامنے مجھ " پر ہاتھ اٹھایا۔دکھ اس بات کا نہیں کہ آپ نے ہاتھ اٹھایا دکھ اس بات کا ہے آپ نے یقین نہیں کیا۔ آپ کے تھپڑ نے سب "پر واضح کر دیا کہ میں غلط ہوں---

مہر آنسو بہاتی بول رہی تھی۔

"جانتا ہوں---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ کا چہرہ کسی بھی تاثر سے پاک تھا۔

" آپ نے مجھے گھر سے نکال دیا یہ بھی نہیں سوچا کہ میں اکیلی نہیں ہوں میرے ساتھ ایک اور جان بھی ہے۔مجھے ایسی محبت نہیں چاہیے میں تنہا جی لوں گی روکھی سوکھی کھا لوں گی لیکن شاہ مصطفیٰ کمال کے پاس نہیں آؤ گی۔ کیا سمجھ رکھا ہے آپ نے مذاق ہے یہ سب جب دل چاہا گھر سے نکال دیا اور جب دل چاہا واپس بلا لیا۔ میاں بیوی کے رشتے میں محبت سے پہلے عزت ہے جو مرد عزت نہیں دے سکتا وہ محبت بھی نہیں دے سکتا۔ مجھے خود پر افسوس ہو رہا ہے آپ جیسے انسان کے ساتھ میں نے رشتہ قائم رکھا کیا صلہ دیا ہے آپ نے مجھے بتائیں اب؟"

مہر اسے گریبان سے جھنجھوڑتی ہوئی بولی۔

شاہ اس بھیگتی رات میں خاموش سامع بنا ہوا تھا۔

اس کا ایک ایک لفظ وہ انہماک سے سن رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ بہت برا ہے---"

شاہ مہر کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔

ہاں برے ہیں آپ بہت برے۔ چلے جائیں یہاں سے میں آپ " کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی اور اگر میرے بچے کو مجھ سے دور کرنے کی سعی کی تو میں خودکشی کر لوں "گی شاہ میں بتا رہی ہوں---

مہر خوف کے زیر اثر تھی۔

شاہ نے اس کا چہرہ دونوں ہاتھوں میں لیا اور اپنے پیاسے لب اس کی روشن پیشانی پر رکھ دئیے۔

مہر کو اس سے ایسی توقع نہیں تھی۔

شاہ کی قربت ہمیشہ اسے زیر کر دیتی تھی۔

وہ ہار جاتی تھی۔پگھل جاتی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج بھی ایسا ہی ہو رہا تھا۔مہر آنکھیں بند کئے اس کی خوشبو اپنے اندر اتار رہی تھی۔

لیکن وہ ہارنا نہیں چاہتی تھی وہ جھکنا نہیں چاہتی تھی۔

شاہ پیچھے ہوا تو مہر نے آنکھیں کھول دیں۔

"کیا بدتمیزی ہے یہ؟"

مہر اسے خود سے دور کرنے کی سعی کرتی ہوئی بولی۔

شاہ بنا کچھ بولے کھڑا ہوا مہر کا ہاتھ پکڑا, اسے کھڑا کیا اور چلنے لگا۔

"شاہ میرا ہاتھ چھوڑیں۔۔۔"

مہر مزاحمت کرتی ہوئی چلائی۔

لیکن شاہ پر کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ نے اسے گاڑی کے ساتھ لگا دیا۔

مہر سلگتی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"اب تم کچھ نہیں بولو گی۔۔۔"

شاہ اس کے پنکھڑی جیسے نازک لبوں پر انگلی رکھتا خفگی سے بولا۔

مہر نے اس کا ہاتھ ہٹا دیا۔

پیشانی پر بل ڈالے وہ شاہ کو گھور رہی تھی۔

" تم نے بول لیا جو دل میں تھا اب میری سنو گی اور بیچ میں مداخلت نہیں کرو گی۔۔۔"

شاہ کرخت لہجے میں بولا۔

مہر منہ بناتی بائیں جانب دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے تمہیں تھپڑ مارا،تم سے صفائی نہیں مانگی،تمہیں " گھر سے باہر نکالا کیونکہ میں ایسا ہی چاہتا تھا۔ میں نے تمہیں تھپڑ مارا تاکہ سب سمجھیں کہ تم غلط ہو۔میں نے تم سے صفائی نہیں مانگی کیونکہ مجھے تم پر بھروسہ ہے۔میں نے تمہیں گھر سے نکالا کیونکہ مجھے تمہیں وہاں سے نکالنا تھا۔ اگر میں تبھی شاہ ویز کو جھوٹا اور تمہیں سچا کہتا تو کوئی اعتبار نہ کرتا نتیجہ کچھ بھی اخذ نہ ہوتا۔۔۔"

شاہ ٹھر ٹھر کر بول رہا تھا۔

اس کے الفاظ کی تاثر ایسی تھی کہ مہر اسے دیکھنے پر مجبور ہو گئی۔

میں چاہتا تھا کہ سب جان جائیں کہ میری مہر ایسی نہیں لیکن فل وقت ایسا ممکن نہیں تھا۔اس لئے میں تمہیں سب سے چھپا کر رکھوں گا اپنے پاس تاکہ شاہ ویز کی سچائی سب کے سامنے عیاں ہو جائے۔۔۔"

شاہ اس کی ناک دباتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ جھوٹ بول رہے ہیں---"

مہر بےیقینی کی کیفیت میں تھی۔

"مہر میں اس عورت پر شک کر ہی نہیں سکتا جو کوٹھے جیسی جگہ پر بھی کسی کو اپنے پاس نہیں آنے دیتی تھی نکاح کے بعد بھی شوہر کو ہاتھ نہیں لگانے دیتی تھی پھر کیسے میں یقین کر لیتا کہ شاہ ویز سچ بول رہا ہے؟میں جانتا ہوں وہ میرا بھائی ہے اس پر تم سے زیادہ اعتماد ہے لیکن وہ ایک مرد ہے اور تم ایک عورت۔صرف عورت نہیں وفادار عورت۔اور اسکے لئے مجھے کسی سے سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں شاہ کو تمہاری وفا پر پورا اعتماد ہے۔اسی لئے تو تمہیں لینے آیا ہوں۔شاہ مرتے دم تک تمہیں تنہا نہیں چھوڑے گا---"

بولتے بولتے شاہ کی آنکھوں سے دو موتی ٹوٹ کر رخسار پر آ گرے جو مہر کی نظروں سے اوجھل نہ رہ سکے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ؟"

مہر اشک بہاتی اس کے ہاتھ تھامتی ہوئی بولی۔

"میں نے آپ کو اتنی سنائیں۔آپ نے پہلے کیوں نہیں بتایا؟"

مہر کی بھرائی ہوئی آواز گونجی۔

" میں چاہتا تھا تم اپنے دل کا غبار نکال لو۔اگر ابھی بھی کوئی تحفظات چاہیے تو بتا دو؟ تم شاہ کے لئے بہت اہمیت رکھتی ہو اس بات کو کبھی فراموش مت کرنا۔۔۔"

شاہ اس کی گہری بھوری آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا جہاں اداسی کی جگہ خوشی کے سائے دکھائی دے رہے تھے۔

شاہ کے ہاتھ ابھی تک مہر کے ہاتھوں میں تھے۔

"ہم اسی گھر میں جائیں گے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر فکرمندی سے بولی۔

"نہیں اس حالت میں تمہیں اکیلا نہیں چھوڑ سکتا۔تم حرائمہ کے ساتھ رہو گی شہر میں۔کسی کو معلوم بھی نہیں ہو گا۔۔۔"

"اور آپ؟"

مہر کے لبوں سے پھسلا۔

"میں کوشش کروں گا زیادہ وقت تمہارے ساتھ رہوں۔۔۔"

شاہ کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی۔

"چلو گاڑی میں بیٹھو تمہیں ڈھنڈ لگ جائے گی۔۔۔"

شاہ اس کے شانے پر ہاتھ رکھتا چلنے لگا۔

مہر پرسکون سی فلک کو دیکھنے لگی جو ابھی تک برس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہا تھا۔

اس کے اندر کی برسات تمام ہو چکی تھی کیونکہ اس کے ساتھی نے اسے نہیں چھوڑا تھا۔

"کہاں گم ہو؟"

شاہ اس کے سامنے ہاتھ لہراتا ہوا بولا۔

ایک نظر خود پر ڈالی وہ بھیگ نہیں رہی تھی۔

مہر ماضی سے نکل کر حال میں لوٹ آئی۔

"نہیں۔کچھ نہیں۔۔۔"

مہر مسکراتی ہوئی بولی۔

"شاہ آپ کو دکھ ہوتا ہو گا شاہ ویز۔۔۔"

مہر بات ادھوری چھوڑ کر اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ہاں دکھ بہت ہوتا ہے چھوٹے سے ایسی توقع نہیں تھی۔جب بھی حویلی جاتا ہوں نہ سب آنکھوں کے سامنے گھومنے لگتا ہے کبھی غصہ آتا ہے تو کبھی تکلیف ہوتی ہے۔۔۔"

شاہ سپاٹ چہرہ لئے بول رہا تھا۔

مہر کا دل اس کی تکلیف پر کٹ رہا تھا۔

" لیکن میں جانتا ہوں وہ ایسا نہیں ہے برہان کی شہ پر اس نے یہ سب کیا اسی لئے اس سے دور رکھتا تھا۔ چھوٹے کو بھی اپنے جیسا بنا دیا اس برہان نے۔۔۔"

شاہ تاسف سے بولا۔

"لیکن شاہ کیا رقابت ہے برہان کی آپ سے؟"

مہر الجھ کر اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دروازے پر دستک سنائی دی تو شاہ نے لب آپس میں مبسوط کر لیے۔

"بھائی وہ حرم کی فرینڈز آئیں ہیں ماناب کو دیکھنے۔۔۔"

حرائمہ جھجھک کر بولی۔

"میں جا رہا ہوں ان کو کمرے میں لے آؤ۔۔۔"

شاہ مہر کے پاس سے فون اٹھاتا ہوا بولا۔

حرائمہ سر ہلاتی واپس چلی گئی۔

شاہ بیڈ پر جھکا اور ماناب کے چہرہ پر بوسہ دیا۔

مہر کے لب مسکرانے لگے۔

اس کی عادت بن گئی تھی جانے سے پہلے ماناب کا ماتھا چومنا اور بہت پختہ تھی یہ عادت۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اپنا اور ہماری جان کا خیال رکھنا۔۔۔"

شاہ مہر کا منہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔

حرائمہ واپس آئی تو نظر حرم اور اس کی دوستوں سے ٹکرائی۔

حرائمہ اپنی جگہ پر منجمد ہو گئی۔

وہ پتھرائی نگاہوں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

"حرم بھائی چلے گئے ہیں۔۔۔"

حرائمہ اس کے کان میں سرگوشی کرتی تیزی سے نکل گئی۔

"اسے کیا ہو گیا؟"

حرم تعجب سے سوچنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آ جاؤ بھائی چلے گئے ہیں۔۔۔"

حرم باہر نکلتی ہوئی بولی۔

آئمہ مہر کو سامنے دیکھ کر ٹھٹھک گئی۔

"یہ حرم مہر کی نند ہے مطلب شاہ مصطفی کمال کی بہن۔۔۔"

وہ ذہن میں تانے بانے جوڑنے لگی۔

مہر نے اس کی موجودگی کا کوئی خاص نوٹس نہیں لیا۔

"واؤ بھابھی یہ کتنی کیوٹ ہے نہ؟"

انشرح بیڈ کے دوسرے کونے پر بیٹھی ماناب کو دیکھتی ہوئی بولی۔

" میں نے تمہیں بتایا تھا نہ میرے بھائی اور بھابھی اتنے پیارے ہیں اور ہماری گڑیا تو ان سے بھی زیادہ پیاری

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے۔۔۔" حرم صوفے پر بیٹھتی تفاخر سے بولی۔

ذوناش منہ بنائے صوفے کے ایک کونے میں ٹکی تھی۔

مہر آئمہ کے تاثرات کی وجہ سمجھ سکتی تھی۔

آئمہ کو اب حسد ہونے لگا تھا۔

"ایک طوائف ہو کر اسے اتنا کچھ مل گیا؟"

مہر کو دیکھتی وہ ششدر سی بولی۔

گلے میں سونے کا لاکٹ ہاتھ میں انگوٹھیاں اور کان میں پہنے سونے کے بوندے۔

آئمہ بغور اس کا جائزہ لے رہی تھی۔

"حرم کچھ کھلایا پلایا بھی ہے یا نہیں؟"

مہر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی بھابھی کھلایا ہے بھائی بیٹھے تھے تو میں نے سوچا "
"کچھ دیر انتظار کر لیں---

حرم مسکراتی ہوئی بولی۔

باہر چلتے ہیں کیونکہ اگر ماناب رونے لگ گئی تو پورا "
"محلہ رونے لگ جائے گا---

حرم شرارت سے بولی۔

مہر اس کے تبصرے پر مسکرانے لگی۔

جاتے ہوئے بھی آئمہ ایک نظر مہر پر ڈالنا نہیں بھولی جو ماناب کا کمبل درست کر رہی تھی۔

"حرم پر ہاتھ ڈالنا تو خطرے سے خالی نہیں---"

آئمہ اپنی سوچوں میں غلطاں تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کے جاتے ہی حرم حرائمہ کے پاس آ گئی۔

"تمہیں کیا ہوا تھا؟"

حرم آبرو اچکا کر بولی۔

"کچھ نہیں مجھے لیکچر تیار کرنا تھا بہت اہم ہے۔۔۔"

حرائمہ اس سے نظریں ملائے بغیر بولی۔

"چلی گئیں وہ؟"

حرائمہ کن اکھیوں سے حرم کو دیکھتی ہوئی بولی۔

" ہاں چلی گئیں میں بھی پڑھائی کر ہی لوں ورنہ بعد میں دل نہیں کرے گا۔۔۔"

حرم بیگ اٹھاتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ بنا کچھ کہے کمرے سے نکل گئی۔

مہر کے کمرے میں آئی اور دروازہ بند کر لیا۔

"کیا ہوا حرائمہ؟"

مہر اس کی بوکھلاہٹ پر پریشان ہو گئی۔

"آپی وہ حرم کی دوست کوٹھے---"

"ہاں میں جانتی ہوں----"

مہر اس کی بات مکمل ہونے سے قبل بولی۔

" آپی اس نے مجھے دیکھ لیا اگر وہ مجھے لے گئے واپس پھر؟"

حرائمہ پر خوف طاری تھا۔

" تم کیوں فکر کرتی رہی ہو؟ شاہ ایسا کچھ نہیں ہونے دیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گے---

مہر پرسکون انداز میں بولی۔

"آپ اتنی ریلیکس کیسے ہیں؟"

حرائمہ حیران ہوئے بنا نہ رہ سکی۔

" کیونکہ مجھے اپنے اللہ پر اور اس کے بعد اپنے شوہر پر پورا بھروسہ ہے---"

مہر مسکراتی ہوئی بولی۔

حرائمہ خاموش ہو گئی۔

" تم بھی فکر مت کرو کچھ نہیں ہو گا جس ذات نے ہمیں اس ذلت سے نکالا ہے وہی ہمیں محفوظ رکھے گی---"

مہر طمانیت سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرائمہ اثبات میں سر ہلانے لگی۔

"نماز کا ٹائم ہو رہا ہے میں آتی ہوں آپ کے پاس پھر۔۔۔"

حرائمہ مسکراتی ہوئی چلی گئی۔

"میری گڑیا اٹھ گئی ہے؟"

مہر اسے اٹھاتی ہوئی بولی۔

ماناب پیشانی پر بل ڈالے مہر کو گھور رہی تھی۔

"میلے بےبی کو غصہ آیا ہوا ہے؟"

مہر اس کے چہرے پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

"جے تو ماما کا پارا سا بےبی ہے۔۔۔"

مہر اس کے سر سے ٹوپی اتارتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج پہلی بار ہوا تھا کہ نیند سے جاگنے پر روئی نہیں تھی۔

ماما اب اپنی گڑیا کو تیار کریں گیں پھر بابا کے ساتھ کھیلنا " ہے نہ میری گڑیا نے---"

مہر بولتی ہوئی اس کا چہرہ صاف کر رہی تھی۔

حرم بلی کے جلے پیر کی مانند یہاں سے وہاں چل رہی تھی۔

شاہ کی نظریں اسے باور کرا چکی تھیں کہ وہ کڑا حساب لینے والا ہے۔

"بھائی کیا کریں گے میرے ساتھ؟"

حرم لب کاٹتی سوچ رہی تھی۔

ازلان کی کال وہ بار بار کاٹ رہی تھی۔

اکتا کر حرم نے فون آف کر دیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"حرم کہاں ہے؟"

شاہ کی آواز سن کر حرم کا وجود کپکپانے لگا۔

پیشانی پر پسینے کی بوندیں نمودار ہونے لگیں۔

حواس جواب دیتے جا رہے تھے۔

دروازہ کھلا اور حرائمہ اندر آئی۔

"بھائی تمہیں بلا رہے ہیں۔۔۔"

وہ حرم کو دیکھتی ہوئی بولی۔

"مہ مجھے اچھا۔۔۔"

گھبراہٹ کے باعث حرم کیا بول رہی تھی وہ خود بھی ناآشنا تھی۔

تیسرا کلمہ پڑھتی وہ باہر نکل آئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ کا چہرہ اس کے غیظ کی عکاسی کر رہا تھا۔

حرم کا رکا سہا اعتماد بھی ہوا ہو گیا۔

"ازلان کے ساتھ کیا کر رہی تھی تم؟"

شاہ کسی بھوکے شیر کی مانند اس کی جانب بڑھتا ہوا دھاڑا۔

حرم ڈر کر دو قدم پیچھے ہو گئی۔

"کچھ پوچھ رہا ہوں میں سنائی نہیں دے رہا تمہیں؟"

شاہ کی آوازیں دیواریں عبور کر رہیں تھیں۔

"یہ تو شاہ کی آواز ہے---"

مہر پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔

مانا ب پر کمبل اوڑھ دیا اور احتیاط سے اٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وہ وہ بھائی میں تو کام کی بات۔۔۔"

"کون سا کام تمہیں آن پڑا تھا وہ بھی اس ازلان سے؟"

شاہ اس کی بات مکمل ہونے سے قبل ایک ہی جست میں اس کے مقابل آیا۔

حرم کی بازو شاہ کے ہاتھ میں تھی اور گرفت ایسی فولادی تھی کہ صنف نازک برداشت نہ کر پائے۔

حرم تڑپ کر اسے دیکھنے لگی۔

"شاہ کیا کر رہے ہیں آپ؟"

انہیں دیکھ کر مہر کی پتلیاں پھیل گئیں۔

مہر بیچ میں مت بولو یہ ایک بھائی اور بہن کا معاملہ "ہے۔۔۔"

شاہ ضبط کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بتاؤ مجھے کیا کام تھا اس سے؟"

شاہ حلق کے بل چلایا۔

حرم آنسو بہاتی التجائیہ نظروں سے مہر کو دیکھ رہی تھی۔

"میں بتا دیتی ہوں چھوڑیں حرم کو۔۔۔"

مہر اسے حرم سے دور کرتی ان کے بیچ آ گئی۔

شاہ ضبط کا دامن تھامے مہر کو گھور رہا تھا۔

" تم کیا بتاؤ گی؟ یہ جو کارنامے کرتی پھر رہی ہے تم واقف ہو کیا؟"

شاہ مہر کو ہاتھ لگانے سے اجتناب کر رہا تھا۔

" آپ اگر تحمل سے میری بات سنیں گے تو میں ضرور بتاؤں گی اور آپ کو سمجھ بھی آئے گی۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر سینے پر ہاتھ باندھتی ہوئی بولی۔

شاہ چہرہ موڑے دو انگلیوں سے پیشانی مسلنے لگا۔

"مہر کیوں میرا ضبط آزما رہی ہو؟"

شاہ بیزار سا بولا۔

"حرم تم کمرے میں جاؤ۔۔۔"

مہر شاہ کو دیکھتی ہوئی بولی۔

حرم مہر کے عقب میں چھپی ہوئی تھی۔

"تم نے ایک قدم بھی اٹھایا تو ٹانگیں توڑ دوں گا۔۔۔"

شاہ خونخوار نظروں سے گھورتا ہوا بولا۔

حرم کے قدم وہیں منجمد ہو گئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر چہرے پر خفگی طاری کئے اسے دیکھ رہی تھی۔

"ٹھیک ہے حرم نہیں جا سکتی لیکن آپ تو جا سکتے ہیں نہ اور خبردار اگر آپ نے میری بیٹی کی نیند خراب کی تو۔۔۔"

مہر اس کا ہاتھ پکڑے چلتی ہوئی بولی۔

شاہ ہکا بکا سا مہر کو دیکھ رہا تھا جو اس پر رعب جماتی اسے لے جا رہی تھی۔

مہر کے پیار پر حرم کو رشک آ رہا تھا جو اس کے جلاد قسم کے بھائی کو سنبھالتی تھی۔

حرم دبے قدم کمرے میں آ گئی۔

مہر نے دروازہ لاک کیا اور شاہ کا ہاتھ چھوڑ کر دروازے کے ساتھ پشت لگا کر کھڑی ہو گئی۔

شاہ پتلیاں سکیڑے اسے گھور رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم کچھ زیادہ پھیل رہی ہو۔۔۔"

شاہ دروازے پر ہاتھ مارتا زور سے بولا۔

مہر نے چہرہ بائیں جانب کر کے شاہ کے عقب میں ماناب کو دیکھا جو سو رہی تھی۔

" میں نے کہا میری بیٹی کی نیند میں خلل پیدا نہ ہو۔اور رہی بات پھیلنے کی تو میرے پاس لائسنس ہے پھیلنے کا۔۔۔"

مہر پہلے خفگی سے پھر مسکراتی ہوئی بولی۔

"تمہیں بھی کھینچ کر رکھنا پڑے گا۔۔۔"

شاہ دروازے پر ہاتھ رکھتا مہر کے قریب ہو کر بولا۔

" جی نہیں میں ایسے ہی اچھی لگتی ہوں اور اب آپ ایک اچھے شوہر ہونے کا مظاہرہ کریں۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نروٹھے پن سے بولی۔

شاہ کو اس کی اداؤں پر ہنسی بھی آ رہی تھی لیکن سنجیدہ رہنا چاہتا تھا۔

"تم بہت بگڑ گئی ہو۔۔۔"

شاہ اس کی ناک دباتا ہوا بولا۔

بگڑتے تو بچے ہیں اور یہ ہماری گڑیا آپ کو بگڑ کر " دکھائے گی۔۔۔"

مہر محظوظ ہوتی ہوئی بولی۔

"اچھا مطلب اب تم مجھے تنگ کرنے کے موڈ میں ہو؟"

شاہ اس کے تیور بھانپ کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں۔بلکل بھی نہیں لیکن اگر آپ نے میری بات نہ مانی تو "
"پھر اس مہر کو یاد کر لینا جو آپ کے ہاتھ نہیں آتی تھی---

مہر کہتی ہوئی اس کی بازو کے نیچے سے نکل گئی۔

"مطلب؟"

شاہ چہرہ موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

"مطلب مہر اور ماناب دونوں شاہ سے ناراض---"

مہر بیڈ پر بیٹھتی ہوئی بولی۔

"مہر تم جانتی ہو میں کتنے غصے میں ہوں؟"

شاہ اس کے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔

"نہیں---"

مہر سنجیدگی سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ لب دبائے دھیرے سے مسکرانے لگا۔

"اچھا بولو میں سن رہا ہوں۔۔۔"

شاہ ہتھیار پھینکتا ہوا بولا۔

مہر آبرو اچکا کر اسے دیکھنے لگی۔

"سچ کہہ رہا ہوں بولو اب؟"

شاہ اس کے دائیں ہاتھ کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں پھنساتا ہوا بولا۔

"شاہ حرم اور ازلان کا نکاح ہو چکا ہے۔۔۔"

مہر نے گویا دھماکہ کیا۔

"کیا بکواس ہے یہ؟"

شاہ تقریباً چلایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھ کر ماناب کو دیکھنے لگی جو ناک منہ چڑھا رہی تھی۔

شاہ اس کا اشارہ سمجھ کر خاموش ہو گیا۔

" اب آپ خود دیکھ لیں کن حالات میں ان دونوں نے نکاح کیا۔۔۔"

مہر اسے تفصیل سے آگاہ کرتی ہوئی بولی۔

" نکاح ہوا ہے تو کوئی مسئلہ نہیں ایسے ہی طلاق بھی ہو جائے گی۔۔۔"

مہر شاہ کے اطمینان پر دنگ رہ گئی۔

" شاہ وہ محبت کرتے ہیں ایک دوسرے سے اور حرم نے آپ کی اور اپنی عزت خراب نہیں کی۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر زور دے کر بولی۔

" میں اچھے سے جانتا ہوں یہ جو محبت ہوتی ہے یونی لائف میں پاگل بنا رہا ہے حرم کو تم جانتی نہیں برہان کا بھائی ہے؟"

شاہ متحیر سا بولا۔

" شاہ ضروری نہیں کہ برہان برا ہے تو ازلان بھی برا ہو گا۔ شاہ ویز بھی تو آپ کا بھائی ہے تو کیا میں اس کی بناء پر آپ کی شخصیت کو جج کر رہی ہوں؟"

مہر سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

" تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے اور کچھ نہیں۔شاہ ویز کو برہان نے خراب کیا ہے۔۔۔"

شاہ برہمی لیکن دھیمی آواز میں بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مسئلہ شاہ ویز نہیں ہے مسئلہ ازلان ہے اور سب سے بڑی " بات اللہ کو یہ بات سب سے زیادہ ناپسند ہے جب میاں بیوی "کے بیچ طلاق ہوتی ہے---

مجھے تاویلیں مت دوں میں اپنے اور اپنے گھر کے " فیصلے خود لیتا ہوں۔ہمارے گھروں میں عورتوں سے "مشورہ نہیں لیے جاتے---

شاہ کی بات پر مہر پر مہر کا دل ٹوٹ گیا۔

بیوی صرف بچے پیدا کرنے کے لیے یا گھر سنبھالنے کے " لیے نہیں ہوتی خدا نے اسے مرد کا ساتھی بنایا ہے۔گھر کے مسائل اور مشاورت میں رائے کا حق اسے حاصل ہے لیکن افسوس آپ جیسے مردوں کی سوچ پر جو بیوی کو پاؤں کی "جوتی کے سوا کچھ نہیں سمجھتے---

مہر نا چاہتے ہوئے بھی تلخ ہو گئی۔

"جو کرنا ہے کریں آپ کی مرضی---"

مہر اس کا ہاتھ پیچھے کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مہر زبان سنبھال کر۔۔۔"

شاہ پیچ و تاب کھا کر بولا۔

نہیں سنبھالی جاتی مجھ سے زبان۔جو غلط ہے میں بولوں "گی۔۔۔"

مہر چہرہ موڑتی ہوئی بولی۔

"رہوں اپنی اس انا کے زعم میں۔۔۔"

شاہ بولتا ہوا باہر نکل گیا۔

مہر تاسف سے دروازے کو دیکھنے لگی۔

****/////////****

"میری معصوم بلی یہاں کیوں بیٹھی ہے؟"

ازلان گھاس پر بیٹھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم خاموش گھاس کو گھورتی رہی۔

"میں تم سے بات کر رہا ہوں حرم۔۔۔"

ازلان تمس سے بولا۔

"ازلان فلحال میں بہت پریشان ہوں۔۔۔"

حرم اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

"ہاں تو مجھ سے شئیر کرو نہ۔۔۔"

ازلان نرمی سے بولا۔

" بھائی نے کل مجھ سے پوچھا تھا تمہارے متعلق بھابھی بیچ میں آ گئیں لیکن میری وجہ سے ان کا جھگڑا ہو گیا۔۔۔"

حرم افسردگی سے بولی۔

" تمہیں کیسے پتہ ان کا جھگڑا ہوا؟ تمہارے سامنے ہوا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا؟

ازلان حیرت سے بولا۔

نہیں کمرے میں ہوا ہو گا کیونکہ بھائی رات چلے گئے " تھے اور اب تک واپس نہیں آئے جبکہ انہوں نے کہا تھا وہ "اپنا فری ٹائم بھابھی کو دیں گے۔۔۔

حرم کے چہرے پر اداسی کے سائے تھی۔

"اووہ تو مطلب پھر میں بھی اپنے گھر بات کروں؟"

ازلان سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔

مصطفیٰ بھائی کبھی نہیں مانیں گے میں جانتی ہوں اس " "لئے کوئی فائدہ نہیں۔۔۔

حرم مایوسی سے کہتی چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان اس کی پشت کو دیکھنے لگا۔

****/////////*****

شاہ کمرے میں آیا تو مہر آئینے کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی۔

لب دھیرے سے مسکرانے لگے۔

شاہ مہر پر نظر ڈالتا ماناب کے پاس بیٹھ گیا۔

مہر جلدی سے بیڈ کے پاس آئی اور شاہ سے قبل ماناب کو اٹھا لیا۔

مہر کی اس حرکت پر شاہ کی آنکھوں میں تحیر سمٹ آیا۔

"تمہاری اس حرکت سے کیا اخذ کروں میں؟"

شاہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

"یہی کہ میری بیٹی سے دور رہیں آپ۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر خفا خفا سی بولی۔

"یہ صرف تمہاری بیٹی نہیں ہے---"

شاہ ضبط کرتا ہوا بولا۔

"یہ صرف میری بیٹی ہے---"

مہر زور دے کر بولی۔

شاہ تلملا اٹھا۔

"دِس اِز ٹو مچ مہر---"

شاہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

مہر اثر لئے بنا سنگھار میز کے سامنے آ گئی۔

"اپنے ڈرامے ختم کرو اور تیار ہو جاؤ حویلی جانا ہے---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ تاؤ کھاتا ہوا بولا۔

" !اچھا"

مہر اچھا کو لمبا کرتی ہوئی بولی۔

وہ پھر سے پہلے والی مہر اور وہ پہلے والا شاہ بن چکا تھا۔

"ماناب کو مجھے دو---"

شاہ مہر کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔

"کوئی نہیں---"

مہر نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

تم کیوں مجھے غصہ دلا رہی ہو بھولو مت میں باپ ہوں " "اس کا---

شاہ دانت پیستا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ہاں جانتی ہوں باپ ہیں اس کے۔اب جب وہ کھیل رہی "
ہے تو آپ آ گئے ہیں کل رات کہاں تھے؟ جانتے ہیں پوری
رات ماناب روتی رہی ایک منٹ بھی نہیں سوئی میں۔

ڈائپر چینج کروائیں,اسے چپ کروائیں، ایسے کام کریں گے
"تو پھر ہی ماناب سے مل سکیں گے---

مہر منہ بناتی ہوئی بولی۔

شاہ چہرہ جھکائے ہنسنے لگا۔

شاہ مہر کی جانب بڑھنے لگا۔

"تم کیوں حرم کی وجہ سے ہمارا رشتہ خراب کر رہی ہو---"

شاہ اس کے بالوں سے پن نکالتا ہوا بولا۔

پن کے نکلتے ہی مہر کے بال اس کے چہرے پر آ گئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ آپ غلط کر رہے ہیں۔اور میں آپ کو غلط نہیں "
"کرنے دوں گی---

مہر پر عزم ہو کر بولی۔

اچھا اس کا فیصلہ بابا سائیں کر لیں گے ہم لڑائی ختم "
"کرتے ہیں---

شاہ اس کے قریب ہوتا کان میں سرگوشی کرنے لگا۔

"جی نہیں۔ میرے پاس آنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے---"

مہر اس کے سینے پر ہاتھ رکھتی خود سے دور کرتی ہوئی بولی۔

شاہ سانس خارج کرتا اسے دیکھنے لگا۔

"سچ میں تم مجھ بہت غصہ دلاتی ہو---"

شاہ اسے گھورتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور حرم کے مسئلے سے زیادہ آپ اس رشتے کو خراب " کر رہے ہیں۔کل رات آپ نے جو میری تذلیل کی بلکہ ایک عورت کی تذلیل کی وہ کیسے بھول جاؤں میں؟ کیا یہی اہمیت ہے میری آپ کی زندگی میں؟ آپ مجھ سے محبت ک دعوا کرتے ہیں تو میری رائے سے اتنی تکلیف کیوں ہو رہی "تھی آپ کو بتائیں؟

مہر آگے بڑھی اور اس کے سینے پر ہاتھ رکھتی پیچھے کرتی ہوئی بولی۔

شاہ لاجواب ہو گیا۔

وہ صحیح کہہ رہی تھی شاہ پرانی رسموں کو دیکھتے ہوئے اس کے ساتھ زیادتی کر رہا تھا۔

میں آپ کی بیوی ہوں دکھ سکھ کی ساتھی تو کیا اتنا سا بھی " حق نہیں بنتا کہ آپ اپنی پریشانی اپنے مسائل مجھ سے شئیر کریں یا میں آپ کی مدد کروں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس میں تضحیک والی کیا بات ہے اگر ایک مرد اپنی عورت سے مشاورت کر لے؟

شاہ آپ کے رویے نے جتنی مجھے تکلیف دی ہے نہ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں---"

مہر کرب سے بولی رہی تھی۔

مہر میں کیا کروں؟ جب سے ہوش سنبھالا ہے بس یہی سب کچھ دیکھا ہے---"

شاہ بےچارگی سے بولا۔

مہر اسے دیکھتی نفی میں سر ہلا رہی تھی۔

جانتی ہو جب تم میرے مقابل آتی ہوں تب اچھی لگتی ہو اس طرح دکھی نہیں---"

شاہ منہ بناتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نے بے رخی سے چہرہ موڑ لیا۔

" ٹھیک ہے ماناب کو مت دو مجھے لیکن اپنا موڈ ٹھیک کر لو---"

شاہ ماناب کے رخسار پر بوسہ دیتا ہوا بولا۔

مہر خاموش اسے تک رہی تھی۔

" میں نہیں چاہتا ہمارے بیچ ایسی کشیدگی یا کوئی رنجش آئے---"

شاہ پینٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالے اسے دیکھنے لگا۔

"پھر کیوں ایسی باتیں کرتے ہیں جو میرا دل دکھاتی ہیں؟"

مہر سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"آج تم درگزر سے کام لو کل میں لے لوں گا---"

شاہ دھیرے سے مسکراتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر زیادہ دیر اس سے خفا نہیں رہ سکتی تھی۔

"ماناب کو پکڑیں میں کپڑے نکالوں۔۔۔"

مہر خفگی سے دیکھتی ہوئی بولی۔

شاہ نے مسکراتے ہوئے ماناب کو اٹھا لیا۔

"آپ کی ماما مجھے کبھی کبھی پولیس والی لگتی ہیں۔۔۔"

شاہ بیڈ پر بیٹھے ماناب کو دیکھتا ہوا بول رہا تھا۔

مہر ترچھی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"آپ کے معصوم سے بابا کو کتنا ڈانٹتی ہیں نہ؟"

شاہ مظلومیت سے استفسار کر رہا تھا۔

ماناب ایسے کھلکھلا رہی تھی جیسے سب سمجھ رہی ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر مسکرا کر سر جھٹکتی واش روم میں چلی گئی۔

تم دونوں خیال سے رہنا۔اگر کوئی پریشانی ہو تو آنٹی کو "
"بلا لینا یا پھر ہمیں کال کر لینا۔۔۔

مہر دروازے میں کھڑی ہدایات دے رہی تھی اور وہ دونوں اثبات میں سر ہلا رہی تھیں۔

"بھابھی بھائی آپ سے ناراض تو نہیں؟"

حرم اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

"ایسا کچھ بھی نہیں ہے تم فکر مت کرو۔۔۔"

مہر حرم کا منہ تھپتھپاتی ہوئی بولی۔

شکر ہے آ گئی ورنہ میں سوچ رہا تھا انویٹیشن کارڈ "
"بھیجوں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر کے بیٹھتے ہی شاہ بولنے لگا۔

"ہم دونوں جا رہے ہیں تو میرا دھیان تو یہیں پر رہے گا نہ---"

مہر خفگی سے بولی۔

شاہ مسکراتے ہوئے گاڑی چلانے لگا۔

"ماناب کو مجھے پکڑا دو---"

شاہ گاڑی سے اتر کر مہر کی جانب آتا ہوا بولا۔

"مجھے کون لے کر جائے گا؟"

مہر ماناب کو اس کی جانب بڑھاتی ہوئی بولی۔

"یہ حق صرف میرا ہے تو میں ہی سر انجام دوں گا---"

شاہ اس کے سامنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پھیلاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائیں بازو میں ماناب سو رہی تھی۔

شاہ مہر کا ہاتھ تھامے اندر کی جانب چل رہا تھا۔

جیرو کہاں مر گئی ہے؟ میرے کپڑے استری ہوئے کہ " "نہیں؟

ضوفشاں بیگم خفگی سے چلا رہی تھیں جب شاہ اور مہر اندر داخل ہوئے۔

"!شاہ"

وہ شاہ کو دیکھتی خوشگوار حیرت میں مبتلا ہو گئیں۔

مہر کو دیکھ کر کوئی خوشی نہ ہوئی۔

" !السلام علیکم امی"

شاہ ان کے قریب آتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وعلیکم السلام! شکر ہے گھر کی یاد بھی آئی---"

وہ خفا خفا سی بولیں۔

"اپنی پوتی سے مل لیں---"

شاہ ماناب کو ان کی جانب بڑھاتا ہوا بولا۔

"تیری بیٹی ہے؟"

وہ ماناب کو پکڑتی ہوئی بولیں۔

شاہ مسکراتا ہوا اثبات میں سر ہلانے لگا۔

"ماشاءاللہ بہت پیاری ہے---"

وہ صوفے پر بیٹھتی ہوئی بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر پیچھے ہی رک گئی تھی۔

"مہر آ جاؤ۔۔۔"

شاہ چہرہ موڑ کر اسے دیکھتا ہوا بولا۔

مہر اثبات میں سر ہلاتی قدم اٹھانے لگی۔

آوازیں سن کر عافیہ بھی اِدھر آ نکلی۔

شاہ نے مہر کا تعارف کروایا۔

"آپ ہیں مہر بھابھی؟"

عافیہ تپاک سے ملتی ہوئی بولی۔

مہر مسکراتی ہوئی اثبات میں سر ہلانے لگی۔

"شہری اکثر آپ دونوں کا ذکر کرتا ہے۔۔۔"

عافیہ مسکراتی ہوئی مہر کو دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بیٹھیں نہ آپ لوگ کھڑے کیوں ہیں؟"

عافیہ انہیں کھڑے دیکھ کر بولی۔

"بابا سائیں کہاں ہیں؟"

شاہ ضوفشاں بیگم سے مخاطب تھا۔

"کھیتوں سے آئے تھے ابھی آنکھ لگی ہے ان کی۔۔۔"

ضوفشاں بیگم ماناب کو عافیہ کی جانب بڑھاتی ہوئی بولیں۔

شاہ اثبات میں سر ہلانے لگا۔

مہر کو یہاں بیٹھے اپنا آپ عجیب لگ رہا تھا۔

"شہریار آفس میں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ عافیہ کو دیکھتا ہوا بولا۔

جی۔ آپ نے بتایا ہی نہیں ورنہ جلدی آ جاتے۔لیکن میں کال " "کر دیتی ہوں آ جائیں گے۔۔۔

عافیہ ماناب کو دیکھتی خوشدلی سے بولی۔

"تم ٹھیک ہو مہر؟"

ضوفشاں بیگم نے پہلی بار مہر کو مخاطب کیا۔

"جی امی میں ٹھیک ہوں اور آپ؟"

مہر جھجھک کر بول رہی تھی۔

"ہمم جو ہو گیا پہلے اس کو اب بھول جاؤ۔۔۔"

وہ سامنے دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی امی---"

مہر تائیدی انداز میں بولی۔

شاہ سانس خارج کرتا مہر کو دیکھنے لگا جو سر جھکائے بیٹھی تھی۔

مہر تم کمرے میں جاؤ میں بابا سائیں سے بات کر کے آتا "ہوں---"

شاہ مہر کی جانب رخ موڑتا ہوا بولا۔

"شاہ آپ حرم کے متعلق ابھی کوئی بات نہیں کریں گے---"

مہر اس کا ہاتھ پکڑتی دھیرے سے بولی۔

"ٹھیک ہے تم جاؤ---"

شاہ بغور اسے دیکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نے ماناب کو لیا اور زینے چڑھنے لگی۔

مہر نے کمرے کا دروازہ کھولا اور ایک ایک چیز کو دیکھنے لگی۔

کتنے وقت بعد وہ اس کمرے کو دیکھ رہی تھی۔

کمرہ شاہ کی خوشبو سے معطر تھا۔

مہر نے ماناب کو بیڈ پر لٹایا اور الماری کے سامنے آ گئی۔

مہر نے ابھی الماری کھولی ہی تھی کہ ماناب کے رونے کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔

مہر چہرے پر خفگی طاری کئے ماناب کے پاس آ گئی جو گلا پھاڑ پھاڑ کر رو رہی تھی۔

"ماناب کیا ہو گیا آپ کو؟"

مہر اسے اٹھاتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ماما یہیں ہیں--- "

مہر اسے شانے سے لگائے تھپک رہی تھی۔

"یا اللہ! ایک دم سے اس لڑکی کو کیا ہو جاتا ہے؟"

مہر اسے خاموش کروانے کی سعی کرتی ہوئی بولی جس کے رونے میں ذرا برابر بھی فرق نہ آیا تھا۔

"بھائی پلیز میری بات تو سنیں؟"

شاہ ویز اس کے عقب میں چلتا ہوا بولا۔

شاہ سنی ان سنی کرتا چل رہا تھا۔

"بھائی پلیز مجھے معافی مانگنے کا موقع تو دیں---"

شاہ ویز بھاگتا ہوا اس کے راستے میں حائل ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شاہ ویز میرا راستہ چھوڑ دو---"

شاہ ضبط کرتا ہوا بولا۔

شاہ ویز کرب سے اسے دیکھنے لگا جس نے پہلی بار اسے نام سے پکارا تھا۔

"کیا کہنا چاہتے ہو؟"

شاہ احسان کرنے والے انداز میں بولا۔

"بھائی پلیز مجھے معاف کر دیں میں بہت شرمندہ ہوں---"

شاہ ویز اس کے سامنے ہاتھ جوڑتا ہوا بولا۔

"تمہارے جرم کی کوئی معافی نہیں----"

شاہ کرخت لہجے میں بولا۔

"بھائی پلیز ایک تو موقع دیں میں آپ کا وہی چھوٹا ہوں---"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ ویز تڑپ کر بولا۔

"ایک شرط پر معاف کر سکتا ہوں تمہیں۔۔۔"

شاہ سینے پر ہاتھ باندھتا ہوا بولا۔

"بھائی مجھے آپ کی ساری شرطیں منظور ہیں۔۔۔"

شاہ ویز بےصبری سے بولی۔

"پہلے سن تو لو شرط ہے کیا؟"

شاہ بغور اسے دیکھتا ہوا بولا۔

****////////****

"حرم باہر آؤ جلدی۔۔۔"

ازلان فون کان سے لگائے کھڑا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا مطلب باہر آؤ؟"

حرم اچھل پڑی۔

"یار میں باہر کھڑا ہوں تم باہر آؤ نہ---"

ازلان ضدی انداز میں بولا۔

حرم بیڈ سے اتر کر باہر نکل آئی۔

زینے چڑھ رہی تھی کہ پھر سے اسپیکر پر ازلان کی آواز گونجنے لگی۔

"کہاں ہو؟"

ازلان آس پاس دیکھتا ہوا بولا۔

حرم ٹیرس پر آ کر نیچے جھانکنے لگی۔

ریلنگ پر ہاتھ رکھے وہ اندھیرے میں ازلان کو دیکھنے کی سعی کر رہی تھی بلآخر ازلان اسے گاڑی کے ساتھ کھڑا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دکھائی دیا۔

"ازلان تم ہمارے گھر کے باہر کیا کر رہے ہو؟"

حرم ششدر سی بولی۔

"بجلی کا بل دینے آیا ہوں۔۔۔"

ازلان جل کر بولا۔

"تم بجلی کا بل کیوں دینے آؤ گے؟"

حرم اسے دیکھتی تعجب سے بولی۔

"تم باہر آؤ ورنہ میں اندر آ جاؤں گا۔۔۔"

ازلان دھمکاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم دانتوں تلے انگلی دباتی ازلان کو دیکھنے لگی جو چہرہ اوپر اٹھائے ہوئے تھا۔

"تم مذاق کر رہے ہو نہ؟"

"جی نہیں۔اگر یقین نہیں تو میں اندر آ کر دکھاؤں؟"

ازلان شریر لہجے میں بولا۔

"نہ نہیں میں آتی ہوں تم کیوں آؤ گے؟"

حرم زینے اترتی ہوئی بولی۔

ازلان کے لب مسکرانے لگے۔

حرم تیزی سے زینے اترتی نیچے آئی کمرے میں جھانکا جہاں حرائمہ سو رہی تھی۔پھر زینے اترتی باہر نکل آئی۔

"ازلان مجھے کیوں بلایا تم نے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم آس پاس دیکھتی گھبراتی ہوئی بولی۔

"میرا دل کر رہا تھا تم سے ملنے کا۔۔۔"

ازلان گاڑی سے پشت لگاتا ہوا بولا۔

حرم کی آنکھیں پھیل گئیں۔

"تم اس لئے یہاں آئے ہو؟"

حرم آنکھیں کی پتلیاں سکیڑے اسے گھورتی ہوئی بولی۔

ازلان نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنی جانب کھینچا۔

حرم کسی مقناطیسی کشش کی مانند اس کی جانب کھینچی چلی آئی۔

دوپٹہ سے سے ڈھلک کر شانے پر آ گیا۔

حرم منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ کیا حرکت ہے ازلان؟"

حرم اس سے دور ہوتی ہوئی بولی۔

"جو تمہیں ابھی سکھانی ہیں---"

ازلان لب دبائے مسکراتا ہوا بولا۔

"ازلان میرا ہاتھ چھوڑو میں نے جانا ہے---"

حرم اپنا ہاتھ آواز کروانے کی سعی کرنے لگی۔

ازلان مسکراتا ہوا نفی میں سر ہلا رہا تھا۔

"ازلان پلیز جانے دو نہ؟"

حرم رونے والی شکل بنائے بولی۔

" اگر تم نے جانے کا نام لیا تو یہ بجلی کی تار میں نے تمہارے ہاتھ میں پکڑا دینی ہے---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان گھورتا ہوا بولا۔

"ازلان تم کتنے بدتمیز ہو۔۔۔"

حرم پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔

"اس سے بھی زیادہ ہوں ابھی تو تم جانتی نہیں ہو مجھے۔۔۔"

ازلان کی آنکھوں میں شرارت تھی۔

"اب جاؤں میں؟"

حرم اجازت طلب نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"تم جاؤ گی لیکن گھر کے اندر نہیں بلکہ میرے ساتھ۔۔۔"

ازلان نے کہہ کر جیب سے چابی نکال لی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم حواس باختہ سی اسے دیکھنے لگی۔

"تم پاگل ہو گئے ہو کیا؟"

حرم بس رو دینے کو تھی۔

"میں جانتا ہوں تمہارا بھائی نہیں ہے گھر پر اور اگر تم نے جانے سے انکار کیا تو دیکھنا میں کیا کرتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔۔"

ازلان گھوری سے نوازتا گاڑی کا دروازہ کھولنے لگا

"شاہ ہم یہیں پر رکیں گے کیا؟"

مہر اسے دیکھ کر بولی۔

"ہاں آج رات یہیں رکیں گے شہریار ابھی تک آیا نہیں اس سے ملے بغیر نہیں جا سکتے۔۔۔"

وہ شانے اچکاتا ہوا مہر کے پاس آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ اگر ماناب کی نیند خراب ہوئی تو آپ سنبھالیں گے "
"اسے---

شاہ جو ماناب کو بوسہ دینے کی غرض سے اس کی جانب جھک رہا تھا مہر اس کا ارادہ بھانپ کر بولی۔

شاہ چہرہ موڑ کر مہر کو دیکھنے لگا۔

میں دو گھنٹے سے ماناب کو لے کر کھڑی ہوں بہت مشکل "
"سے سلایا ہے اسے---

مہر تقریباً رو دینے کو تھی۔

شاہ کو اس کی حالت پر ترس آ رہا تھا۔

"اچھا پھر تمہیں کر لیتا ہوں کس---"

وہ شرارت سے بولا۔

کوئی ضرورت نہیں ہے خواہ مخواہ میں پھیلنے لگ جاتے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہیں---

مہر اسے گھورتی ہوئی بولی۔

"میں سوچ رہا تھا ازلان سے بات کروں---"

شاہ کے چہرے پر سنجیدگی نے ڈیرے جما لیے۔

"کس لیے؟"

مہر سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

"طلاق کے لیے اور کس لئے؟"

شاہ اطمینان سے مہر کو دیکھتا ہوا بولا۔

"!شاہ"

مہر صدمے سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" مہر میری ایک ہی بہن ہے اور میں اسے کسی ایسی جگہ ہر گز نہیں بھیج سکتا جو لوگ اعتبار کے قابل نہ ہوں۔تم جانتی ہوں عافیہ برہان کی بیوی تھی؟ اور شہریار نے اس سے شادی کی تاکہ برہان کے توہین آمیز رویے سے اس کی جان چھوٹ جائے یہاں تک کہ وہ مارا پیٹتا بھی تھا اب تم بتاؤ میں اس گھر میں بھیج دوں حرم کو؟"

شاہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

مہر کے پاس فل وقت کوئی مناسب دلیل نہ تھی سو وہ خاموش رہی۔

" تم ازلان کی حمایت کر رہی ہو مجھے بتاؤ تم جانتی ہو اسے؟ اس کے کردار کو؟ اس کا اٹھنا بیٹھنا کس طرح کے لوگوں کے ساتھ ہے؟ سب سے بڑھ کر کیا گارنٹی ہے کہ وہ حرم سے محبت کرتا ہے ہو سکتا ہے وہ بدلے کی آڑ میں یہ سب کر رہا ہو۔حرم کے مستقبل کا ذمہ دار کون ہو گا پھر؟"

شاہ دونوں آبرو اچکا کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر لاجواب ہو گئی۔

اس کے پاس کسی سوال کا جواب نہیں تھا۔

"مہر میں بیوقوف نہیں ہوں جو اندھوں کی طرح اپنی بہن کو پھینک دوں جو چیزیں میں دیکھ رہا ہوں تم نہیں دیکھ رہی تمہیں صرف یہ دکھائی دے رہا ہے کہ وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔شادی کے لئے صرف اس انسان کی محبت اہم نہیں ہوتی۔جس گھر میں وہ جائے گی وہاں کے مکین کس نوعیت کے ہیں سب دیکھنا پڑتا ہے۔۔۔"

شاہ تاسف سے مہر کو دیکھ رہا تھا۔

مہر کو اپنی کم عقلی پر افسوس ہو رہا تھا۔

"شاہ پھر ازلان کے متعلق کیسے معلوم ہو گا؟"

مہر فکرمندی سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہ مجھے معلوم ہے نہ ہی معلوم کرنا ہے یہ رشتہ ختم ہو "
"گا یہی میرا آخری فیصلہ ہے---

شاہ حتمی انداز میں بولا۔

"لیکن شاہ---"

مہر نے مزاحمت کرنی چاہی۔

مہر تم نے کہا کہ میں نے تمہیں تکلیف دی رائٹ؟ آج میں "
تمہیں پیار سے ہر چیز سمجھا رہا ہوں اور تم سمجھنے کی
"بجائے اپنی بات پر قائم ہو اسے کیا سمجھوں میں؟

شاہ کے چہرے پر زمانے بھر کی سختی تھی۔

مہر نے خاموش ہونا بہتر سمجھا۔

"ٹھیک ہے---"

مہر نا چاہتے ہوئے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے مجھ پر سے تمام پابندیاں جج صاحبہ نے ہٹا دیں ہو "
"گیں؟

شاہ اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

مہر پیشانی پر بل ڈالے اسے گھورنے لگی۔
"کل ماناب کو ڈاکٹر کے پاس بھی لے کر جانا تھا شاہ۔۔۔"

مہر یاد کرتی تاسف سے بولی۔

کوئی بات نہیں بعد میں لے جائیں گے اس گھر میں رہنے "
"والوں کا بھی کچھ حق کے ماناب پر۔۔۔

شاہ ماناب کو دیکھتا ہوا بولا۔

"آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں شاہ۔ ہم کچھ دن یہیں رہ لیتے ہیں۔۔۔"

مہر اس کی بات کا مفہوم سمجھتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہ دھیرے سے مسکرانے لگا۔

****////////****

"ازلان پلیز مجھے مشکل میں مت ڈالو۔۔۔"

حرم التجائیہ انداز میں بولی۔

ازلان دروازہ کھول کر اسے دیکھنے لگا۔

"کیسی مشکل؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"میں تمہارے ساتھ نہیں جا سکتی ازلان یہ غلط ہے۔۔۔"

حرم مسلسل اپنا ہاتھ آزاد کروانے کی سعی کر رہی تھی۔

حرم میں کچھ غلط نہیں کرنے والا تمہارے ساتھ صرف "لانگ ڈرائیو پر جانا چاہتا ہوں۔۔۔"

ازلان اس کی غلط فہمی دور کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اور اگر بدقسمتی سے بھائی گھر آ گئے پھر؟"

حرم سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔

"تمہارے بھائی کو نہ دور کسی وادی میں چھوڑ آنے کو دل کرتا ہے۔۔۔"

ازلان دانت پیستا ہوا بولا۔

"ازلان وہ میرے بھائی ہیں۔۔۔"

حرم زور دے کر بولا۔

"تو میں کون سا بہن بنا دیا ہے۔۔۔"

ازلان منہ بناتا ہوا بولا۔

حرم نفی میں سر ہلاتی مسکرانے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اچھا پھر ایسا کرو ایک کپ چائے پلا دو۔۔۔"

ازلان نرمی سے بولا۔

"تم گاڑی میں بیٹھو میں بنا کر لاتی ہوں۔۔۔"

حرم خوش ہوتی ہوئی بولی۔

"جی نہیں میں اندر بیٹھ کر پیوں گا۔۔۔"

ازلان اسے تنگ کرنے کا قصد کئے ہوئے تھا۔

"ازلان تم اندر کیسے آ سکتے ہو؟"

حرم ششدر سی بولی۔

"چل کر اور کیسے۔۔۔"

ازلان خفگی سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میرا مطلب اندر حرائمہ ہے تم کیسے؟"

حرم فکرمندی سے گویا ہوئی۔

میں بارات لے کر تو نہیں آ رہا جو اسے معلوم ہو جائے گا "
"دیکھو میں منہ پر ٹیپ لگا لوں گا۔۔۔

ازلان اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتا ہوا بولا۔

حرم دھیرے سے مسکرانے لگی۔

ازلان اس کی مسکراہٹ میں ہی کھو گیا۔

حرم کی آنکھیں بھی اس کا ساتھ دے رہی تھیں۔

"تم رکو میں بنا کر لاتی ہوں۔۔۔"

حرم کلائی چھڑواتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم کتنی بے مروت ہو حرم؟"

ازلان آنکھیں سکیڑ کر گھورتا ہوا بولا۔

"تم سمجھو نہ---"

حرم آس پاس دیکھتی ہوئی بولی۔

"اچھا چلو---"

ازلان اس کا ہاتھ چھوڑتا ہوا بولا۔

حرم کلائی مسلتی اندر کی جانب چلنے لگا۔

ازلان بھی اس کے عقب میں چلنے لگا۔

حرم دروازے کے پاس رک کے اسے دیکھنے لگی۔

"تم کیوں آ رہے ہو؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم آواز دھیمی رکھتی ہوئی بولی۔

ازلان نے اسے گھورا اور دروازہ بند کر دیا۔

حرم کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔

"پلیز چلے جاؤ ازلان--"

حرم اس کے سامنے ہاتھ جوڑتی ہوئی بولی۔

"تم خود جاؤ گی یا میں اٹھاؤں تمہیں؟"

ازلان اس کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔

حرم بس رو دینے کو تھی۔

منہ بسورتی زینے چڑھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان لب دبائے اس کے عقب میں زینے چڑھنے لگا۔

حرم کو اپنی جان نکلتی محسوس ہو رہی تھی۔

"تم یہاں بیٹھو میں کچن میں جا رہی ہوں۔۔۔"

حرم صوفے کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

ازلان اثبات میں سر ہلاتا بیٹھ گیا۔

حرائمہ کے کمرے کا دروازہ دیکھتی حرم راہداری میں چلتی کچن میں آ گئی۔

"یہ اتنا ضدی کیوں ہے؟"

حرم فریج سے دودھ نکالتی ہوئی بڑبڑانے لگی۔

حرم قہوہ بنا رہی تھی جب ازلان بنا چاپ پیدا کئے اندر آ گیا۔

حرم کو آہٹ سنائی دی تو چہرہ موڑ لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ازلان کو دیکھ کر اوسان خطا ہو گئے۔

"مہ میں نے تمہیں کہا تھا وہیں بیٹھے رہنا۔۔"

حرم کی حالت ایسی تھی مانو کسی نے سولی پر لٹکا رکھا ہو۔

"اکیلے میرا دل نہیں لگ رہا تھا۔۔"

ازلان منہ بناتا ہوا سلیب پر بیٹھ گیا۔

حرم کے ہاتھ کپکپانے لگے۔بار بار چہرہ موڑ کر دروازے کو دیکھنے لگی۔

"نہیں کوئی موت کا فرشتہ آ رہا جو تم اتنا ڈر رہی ہو۔۔"

ازلان اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر چہرہ چولہے کی جانب موڑنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم جلدی جلدی ہاتھ چلانے لگی اسی جلدی میں شکر کا ڈبہ ہاتھ سے پھسل کر سلیب پر گر گیا۔

"ازلان تم کیوں میری جان کے پیچھے پڑ گئے ہو؟"

حرم شکر سمیٹتی ہوئی بولی۔

ایک بات بتاؤ حرم اگر ہم دونوں کو جلاد پکڑ لے اور " پوچھے کہ دونوں میں سے کس کو پھانسی دوں تو تم کیا "کرو گی؟

ازلان آبرو اچکا کر بولا۔

حرم نے نظریں اٹھا کر اسے دیکھا۔

ازلان اسے گہری نظروں سے حصار میں لئے ہوئے تھا۔

"امم پتہ نہیں---"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرم شانے اچکاتی کپ اٹھانے لگی۔

"دھیان سے---"

ازلان کے کہنے کی دیر تھی کہ کپ زمین بوس ہو گیا۔

حرم نے آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیا۔

ازلان کے لئے ہنسی دبانا مشکل ہو رہا تھا۔

اب تم آنکھ مچولی ختم کرو ورنہ چائے بھی باہر گر جائے "
"گی---

ازلان ابلتی ہوئی چائے کو دیکھتا ہوا بولا۔

حرم نے فوراً ہاتھ ہٹائے اور آنچ دھیمی کرنے لگی۔

"تمہیں پتہ ہے میں کیا بولوں گا؟"

ازلان اپنے رخسار پر انگلی رکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا؟"

حرم اسے دیکھتی موجودہ صورتحال کو یکسر فراموش کر گئی۔

"میں کہوں گا اس پاگل کو رکھ لو میں جا رہا ہوں۔۔۔"

ازلان شرارت سے بولا۔

"تم سچ میں ایسا کرو گے؟"

حرم تاسف سے استفسار کرنے لگی۔

"چائے دے دو پھر مجھے واپس بھی جانا ہے۔۔۔"

ازلان اس کے سوال سے بچنے کی خاطر دھیان دوسری جانب لے گیا۔

حرم سر ہلاتی چائے کپ میں انڈیلنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tawaif | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جلدی سے پی لو---"

حرم کپ اس کی جانب کرتی ہوئی بولی۔

"جلدی سے پی لوں! جتنی گرم چائے ہے نہ بعد میں چاہے مجھے خوارک کی نالی نئی ڈلوانی پڑے---"

ازلان منہ بناتا ہوا بولا۔

حرم لب کاٹتی کبھی ازلان کو دیکھتی تو کبھی دروازے کو۔

"پہلے تم چیک کرو ٹھیک بنی ہے---"

ازلان لب دبائے مسکرا رہا تھا۔

حرم نے پھونک ماری اور ایک سپ لے لیا۔

